| 2 | 03:51 | 05:17 | 12:12 | 07:00 | 07:12 | 05:59 | 07:17 |
| 3 | 03:52 | 05:18 | 12:12 | 06:59 | 07:11 | 06:00 | 07:16 |
| 4 | 03:53 | 05:19 | 12:12 | 06:58 | 07:10 | 06:00 | 07:15 |
| 5 | 03:54 | 05:20 | 12:11 | 06:58 | 07:09 | 06:01 | 07:14 |
| 6 | 03:55 | 05:20 | 12:11 | 06:57 | 07:08 | 06:01 | 07:14 |
| 7 | 03:56 | 05:21 | 12:11 | 06:56 | 07:07 | 06:02 | 07:13 |
| 8 | 03:56 | 05:21 | 12:11 | 06:55 | 07:07 | 06:02 | 07:13 |
| 9 | 03:57 | 05:22 | 12:11 | 06:54 | 07:06 | 06:03 | 07:12 |
| 10 | 03:58 | 05:22 | 12:11 | 06:52 | 07:05 | 06:03 | 07:11 |
| 11 | 03:59 | 05:23 | 12:11 | 06:51 | 07:04 | 06:04 | 07:10 |
| 12 | 04:00 | 05:24 | 12:10 | 06:51 | 07:03 | 06:04 | 07:09 |
| 13 | 04:01 | 05:25 | 12:10 | 06:50 | 07:02 | 06:05 | 07:09 |
| 14 | 04:02 | 05:25 | 12:10 | 06:49 | 07:01 | 06:05 | 07:08 |
| 15 | 04:03 | 05:26 | 12:10 | 06:48 | 07:00 | 06:05 | 07:07 |
| 16 | 04:04 | 05:27 | 12:10 | 06:47 | 06:59 | 06:05 | 07:06 |
| 17 | 04:05 | 05:27 | 12:10 | 06:46 | 06:58 | 06:06 | 07:05 |
| 18 | 04:06 | 05:28 | 12:10 | 06:45 | 06:57 | 06:06 | 07:05 |
| 19 | 04:07 | 05:28 | 12:09 | 06:44 | 06:55 | 06:07 | 07:04 |
| 20 | 04:07 | 05:29 | 12:09 | 06:43 | 06:54 | 06:07 | 07:03 |
| 21 | 04:08 | 05:29 | 12:09 | 06:41 | 06:54 | 06:08 | 07:02 |
| 22 | 04:09 | 05:30 | 12:09 | 06:40 | 06:52 | 06:08 | 07:01 |
| 23 | 04:10 | 05:31 | 12:08 | 06:39 | 06:51 | 06:09 | 07:00 |
| 24 | 04:11 | 05:31 | 12:08 | 06:38 | 06:50 | 06:09 | 06:59 |
| 25 | 04:12 | 05:32 | 12:08 | 06:36 | 06:49 | 06:10 | 06:58 |
| 26 | 04:12 | 05:33 | 12:08 | 06:35 | 06:48 | 06:10 | 06:57 |
| 27 | 04:13 | 05:34 | 12:07 | 06:34 | 06:46 | 06:10 | 06:56 |
| 28 | 04:14 | 05:34 | 12:07 | 06:33 | 06:45 | 06:10 | 06:54 |
| 29 | 04:15 | 05:35 | 12:06 | 06:31 | 06:44 | 06:11 | 06:54 |
| 30 | 04:16 | 05:35 | 12:06 | 06:30 | 06:43 | 06:11 | 06:53 |
| 31 | 04:17 | 05:36 | 12:06 | 06:29 | 06:41 | 06:12 | 06:52 |

## رمضان کا چاند دیکھ کر

سورۃ محمد (پارہ 26) پڑھیں بزرگ کی زیارت یا تلوار دیکھنا مبارک ہے۔
**اسم اعظم:** یا فتاح (اے فتح دینے والے) یا قادر (اے توانا)
500 بار بعد نماز فجر روزانہ پڑھیں۔
**صدقہ:** سوا کلو آٹا اور چاول سوجی کپڑے مکوڑوں کو ڈالیں۔
**ہدایات حضرت امام رضاؑ:** اس ماہ رات کو پانی پینا نقصان دہ ہے۔ پودینہ ادرک اور ساگ کے استعمال سے گریز کریں۔ نہار منہ ایک گھونٹ پانی پئیں اور ورزش کریں۔

## ماہ شعبان کی فضیلت

اسماعیل بن عبدالخالق سے روایت ہے کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا' جب کہ روزہ شعبان کا ذکر ہوا۔ اس وقت حضرت نے فرمایا' ماہ شعبان کے روزے رکھنے کی بہت زیادہ فضیلت ہے۔ حتیٰ کہ ناحق خون بہانے والے کو بھی ان روزوں سے فائدہ پہنچ سکتا ہے اور وہ بخشا جا سکتا ہے۔ اس عظیم و شریف مہینے کے اعمال دو قسم کے ہیں۔
"اعمال مشترکہ اور اعمال مخصہ" اعمالِ مشترکہ میں چند امور ہیں۔
ہر روز ستر مرتبہ کہے۔ اَستَغفِرُ اللّٰہَ وَاَسئَلُہُ التَّوبَۃَ
ہر روز ستر مرتبہ کہے۔
اَستَغفِرُ اللّٰہَ الَّذِی لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحمٰنُ الرَّحِیمُ الحَیُّ القَیُّومُ وَاَتُوبُ اِلَیہِ بعض روایات میں اَلحَیُّ القَیُّومُ کے الفاظ الرَّحمٰنُ الرَّحِیمُ سے قبل ذکر ہوئے ہیں۔ پس جیسے بھی عمل کرے مناسب ہوگا۔ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ اس ماہ کا بہترین عمل استغفار ہے اور اس مہینے میں ستر مرتبہ استغفار کرنا گویا دوسرے مہینوں میں ستر ہزار مرتبہ استغفار کرنے کے برابر ہے۔

## پہلی شعبان کی رات

کتاب اقبال میں شعبان کی پہلی رات میں پڑھی جانے والی نمازوں کا ذکر ہوا ہے' ان میں سے ایک بارہ رکعت نماز ہے کہ جس کی ہر رکعت میں سورۃ حمد کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ توحید پڑھی جاتی ہے۔

## پہلی شعبان کا دن

ماہ شعبان کے پہلے دن کا روزہ رکھنے کی بڑی فضیلت ہے' اور امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہوئی ہے کہ یکم شعبان کا روزہ رکھنے والے کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔ سید ابن طاؤس نے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ شعبان کے پہلے تین دن کا روزہ رکھنے اور پہلی تین راتوں میں دو رکعت نماز پڑھنے کا ثواب بہت زیادہ ہے' دو رکعت نماز کی ہر رکعت میں سورۃ حمد کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ توحید پڑھے۔ واضح ہو کہ ماہ شعبان اور اس کے پہلے دن کے روزے کی فضیلت تفسیر امام حسن عسکری میں مذکور ہے۔ ہمارے استاد ثقۃ الاسلام نوری نے کتاب کلمہ طیبہ کے آخر میں ایک روایت نقل کی ہے جس میں اس کے بہت سے فوائد و برکات کا ذکر ہے۔
آنحضرتؐ نے فرمایا کہ جب یکم شعبان ہوتی ہے تو بہشت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ شجر طوبیٰ کو حکم ہوتا ہے کہ اپنی شاخیں پھیلائے اور انہیں زمین کے قریب کرے۔ خدا کا ایک منادی یہ ندا دیتا ہے۔ کہ خدا کے بندوں اور اے نیک کار لوگوں! طوبیٰ کی ان شاخوں سے لپٹ جاؤ تاکہ وہ تمہیں اٹھا کر جنت میں لے جائے۔ جبکہ بدکاروں کیلئے تھوہر کا درخت ہے اور ڈرتے رہو کہ کہیں اس کی شاخیں تمہیں جہنم میں نہ لے جائیں۔

## تیسری شعبان کا دن

تیسری شعبان کا دن یہ بڑا بابرکت دن ہے شیخ نے مصباح میں فرمایا کہ اس روز امام حسینؑ بن علیؑ کی ولادت ہوئی نزد امام حسن عسکریؑ کے وکیل قاسم بن علا ہمدانی کی جانب سے فرمان جاری ہوا کہ بروز جمعرات تین شعبان کو امام حسینؑ کی ولادت باسعادت ہوئی پس اس دن روزہ رکھو اور دعائے خاص کا اہتمام کرو۔

کر ایران کو روس کی آشیر باد حاصل ہوگی جس کی وجہ سے ایران امریکی اقدام اور گیدڑ بھبکیوں سے محفوظ ہوگا اور رہے گا اور امریکہ روس کی وجہ سے ایران پر حملہ تو درکنار اقتصادی پابندیوں سے بھی بچا رہے گا امریکی اور اسرائیلی تمام عزائم سے محفوظ رہے گا دونوں طاقتیں ایران کا بال بھی نہیں بگاڑ سکیں گی افغانستان پاکستان خاص کر سرحد اور بلوچستان میں انقلابی اور جنگی صورتحال قائم رہے گی اور امریکہ یہاں ہزاروں شہیدوں کا خون بہا کر بھی ناکام رہے گا یعنی اصولی طور پر وہ یہ جنگ ہار جائے گا۔

## زحل 2010ء کی اہم نظرات

زحل 29 اکتوبر 2009ء رات 8:37 منٹ پر اپنے شرفی برج میزان میں داخل ہوگا اور اس مقام پر 5 فروری 2010ء کو مشتری زحل کی تربیع کی نظر قائم ہوگی 25 مارچ 2010ء کو زحل بحالت رجعت یعنی الٹی چال سے واپس برج سنبلہ میں آئیگا۔

برج سنبلہ 19 مئی اور 23 مئی 2010ء کو مشتری زحل مقابلہ ہوگا 21 جولائی کو زحل واپس پھر اپنے شرقی برج میں داخل ہوگا اور 12 سے 17 اگست کو برج حمل میں مشتری کو پھر دوبارہ مقابلہ بنائیگا یہ وقت بہت سے ممالک کیلئے انتہائی تباہ کن اور خطرناک ہونگے معاشی لحاظ سے دنیا کی حالت اس سال بھی غیر یقینی رہے گی کوئی بھی حالات کے متعلق یقینی بات نہ کہہ سکے گا کچھ ممالک میں جنگ وجدل کی باتیں ہونگی اسلحہ جمع کرنے کی دوڑ لگے گی تیل کو وافر مقدار میں جمع کیا جائیگا فوج میں جبری بھرتی کی جائے گی خوراک اور مہنگائی کا مسئلہ خوفناک صورت اختیار کرے گا بیروزگاری بین الاقوامی مسئلے کی صورت اختیار کر جائے گی یورپی ممالک کے لوگ تحفظ اور بہتر ماحول کیلئے افریقہ کا رخ اختیار کرنا شروع کر دیں۔

زحل برج میزان میں رہتے' ہوئے برج اسد پر ساڑھ ستی ختم کر دے گا جبکہ برج سنبلہ' عقرب اور میزان پر ساڑھ ستی عروج پر ہوگی جب زحل اکتوبر 2011ء میں شرف یافتہ ہوگا تو اس کا اثر برج حوت اور حمل پر شدید ہوگا کیونکہ یہ مقابلہ مشتری زحل 12 سال کے بعد بن رہا ہے برج حمل پر زحل مقابلہ کی نظر سے دیکھے گا مشتری زحل مقابلہ حمل میں ہوگا تو برج حمل والوں کیلئے حالات میں خرابی لائے گا مالی تقصانات تباہی و بربادی ظاہر کرے گا شادی شدہ زندگی میں بدمزگی اور اختلافات اور حتیٰ کہ علیحدگی لا سکتا ہے۔ برج حمل والے بہت ہی زیادہ احتیاط برتیں کیونکہ زحل حمل پر مکمل نحوست ظاہر کرے گا۔



# دفع برائے رجعت عمل

## (ڈر خوف دہشت جنون)

تحریر:۔ نبیل مزمل (ملتان)

قارئین جعفریہ جنتری کی خدمت میں ایک ایسا عمل لے کر حاضر ہوا ہوں جو یقیناً ہر مومن کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ یہ عمل مجھے اپنے بزرگوں سے دستیاب ہوا۔ ہمارا خاندانی اور مجرب عمل ہے۔

بزرگوں کے پاس دُنیا بھر سے عملیات کی رجعت میں مبتلا مریض لائے جاتے تھے اور اسی رجعت کی وجہ سے ذہنی اور دماغی حالت خراب ہوتی تھی۔ دعائے کفایۃ البلاء کی برکت سے مریض چند دنوں میں ہی ٹھیک ہو جاتا تھا اس کے علاوہ بچوں کو اگر ڈر لگتا ہو یا نیند میں چونک کر اُٹھ جاتے ہوں یا بڑا آدمی جس نے کبھی کوئی ورد وظیفہ کیا ہوا اور اُس کی رجعت اُس شخص پر پڑ گئی ہو' پاگل پن یا جنون کی کیفیت ہو' نیند میں جھٹکے لگتے ہوں' دماغ یا جسم سن رہتا ہو رزق میں بے برکتی ہو یا رزق کی تنگی ہو۔ کسی بھی قسم کا جادو' سفلی' کالا' سحری' حدیدی' موکلا و یہ ہر طرح کے جادو سے نجات کیلئے اس دعا کو پُر اثر پایا گیا ہے۔ حضرت امام جعفرؑ نے یہ دعا کفایۃ البلاء کے طفیل درج بالا کیفیات میں مبتلا مریضوں کو تیزی سے شفایاب ہوتے دیکھا گیا۔

روزانہ سورج نکلنے پر۔ صحن میں کھڑے ہو کر ننگے پاؤں اور ننگے سر دونوں ہاتھ اور منہ آسمان کی طرف یہ دعا مبارکہ 5 بار پڑھی جائے۔ یقیناً اس دعا کے اثرات تیزی سے ظاہر ہونگے اگر کوئی شخص یہ دعا روزانہ 1 بار پڑھے تو ایسا شخص ہر طرح کے بد اور سحری اثرات سے محفوظ رہیگا۔ رجعت عمل یا تعویزات کے اثرات بھی ایسے شخص پر نہ ہونگے اور اگر ہونگے تو دعائے مبارکہ کی برکت سے ختم ہو جائیں گے۔


**اَللّٰھُمَّ بِكَ اُشَاوِرُ وَبِكَ اُحَاوِلُ وَبِكَ اَصُوْلُ وَ بِكَ اَنْتَصِرُ وَبِكَ اَمُوْتُ وَبِكَ اَحْيٰى اَسْلَمْتُ نَفْسِىَ اِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِىَ اِلَيْكَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ اللھم اِنَّكَ خَلَقْتَنِىْ وَرَزَقْتَنِىْ وَسَرَرْتَنِىْ وَسَتَرْتَنِىْ وَبَيْنَ الْعِبَادِ بِلُطْفِكَ خَوَّلْتَنِىْ اِذَا هَوَيْتُ رَوَّدْتَنِىْ وَاِذَا عَثَرْتُ اَقَلْتَنِىْ وَاِذَا مَرِضْتُ شَفَيْتَنِىْ وَاِذَا دَعَوْتُكَ اَجَبْتَنِىْ يَا سَيِّدِىَ اِرْضَ عَنِّىْ فَقَدْ اَرْضَيْتَنِىْ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ۔**

اس دعا کو بدھ کے دن ساعت عطارد میں زعفران کی سیاہی سے لکھ کر مریض کے گلے میں بھی ڈالا جا سکتا ہے جنونی اور پاگل پن جیسے مریض کو بھی یہ دعا زعفران سے لکھ کر پانی میں حل کر کے پلائیں۔ آغاز اول یوم بدھ اختتامی یوم منگل ہوگا۔

# رحمکاریہ جفر
# طلسمی چراغ

تحریر
سیدہ انیسہ شعیب
بمعرفت بابا پی سی او اینڈ ڈکشنری جھنگی
ضلع و تحصیل ایبٹ آباد
نزد ریڈیو پاکستان

طلسمی چراغ عروج مشتری' مشتری برج حوت میں جنوری 2010ء میں داخل ہوگی ۔ وہاں تیرہ ماہ قیام کرے گی ۔ مشتری حوت میں آتے ہی نوچندی جمعرات کو یہ طلسمی چراغ تیار کریں ۔ یہ عمل بہت پر تاثیر اور چلتا ہوا عمل ہے جب یہ طلسم چراغ تیار ہوجائے تو (111) مرتبہ سورۃ فاتحہ و اخلاص اور درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب حضرت غوث الاعظم سید شیخ عبدالقادر جیلانی کو بخشیں یہ عمل بہت پر تاثیر ہے اگر خود تیار نہ کر سکے تو مجھ سے یا براہ راست ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے تیار کروائیں ۔




## رحمکاریہ جفر دعوت حروف نورانی

سب سے پہلے اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شکر ہے پھر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر لاکھوں کروڑوں درود و سلام دعوت حروف نورانی ایک عظیم دعوت ہے میں حروف نورانیں سے لاکھوں فوائد لیتا ہوں میرے تجربے میں میں ہزاروں مرتبہ حروفِ نورانی سے کام لئے ہیں آج کی محفل میں جعفریہ جنتری 2010ء کیلئے دعوت حروف نورانی کے عمل کیساتھ حاضر ہوں ۔

دعوت حروفِ نورانی ایک بزرگ دعوت ہے وہ خواتین و حضرات جو رجعت حروفِ صوامت اور رجعت عملیات میں مبتلا ہوں تو ان کے لئے یہ ایک عظیم تحفہ ہے ۔ دعوت حروف نورانی کسی ماہ کے پہلے چودہ دنوں میں 1400 مرتبہ حروفِ نورانی جو یہ ہیں لکھیں ۔

الر ۔ کھیعص ۔ حم ۔ طس ۔ ق ۔ ن یہ پہلے چودہ دنوں میں روزانہ 1400 مرتبہ لکھیں اور آخری 15 سے نئے چاند تک 1400 مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھیں اس کا ثواب خاتونِ جنت حضرت فاطمہ کو بخشا کریں ویسے اس کی زکات رجب ۔ شعبان اور رمضان کے ماہ میں بھی ادا ہوسکتی ہے ۔ اسکی زکات کیلئے کسی ایسے عامل کامل کو تلاش کریں جس نے حروفِ نورانی کی زکات نکالی ہو ۔ اور وہ اس کا عامل ہو ۔ تو وہ اس کی اجازت دے سکتا ہے ۔ یہ زکات پابندی سے ادا کریں ۔ اس کی تاثیر سے اللہ پاک ایسے اسباب پیدا فرمائیگا کہ غنی ہوجائیں گے ۔ میں نے اپنی طرف سے مکمل تفصیل لکھ دی ہے پھر بھی کسی بہن بھائی کو سمجھ نہ آئے تو بلا معاوضہ جوابی لفافہ بھیج کر ادارہ سے یا مجھ سے رابطہ کر سکتے ہیں ۔

آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے حق میں دعائے خیر فرمائیں ۔

# فیوض العملیات

تحریر
محمد قسور حسن
احمد رضا کالونی متررروڈ میلسی
0301-7946966


## لوح شفاء خاص

محترم قارئین! یہ بات ہمارے لئے بڑی پرمسرت ہے کہ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب نے جنوبی پنجاب کے اولیاء کے شہر ملتان سے اس جنتری کا اجراء کیا۔ جس کا تعلق آئمہ معصومین سے ہے نیک لوگوں کے نام پر شائع ہونے والی یہ جنتری انشاء اللہ دوسری تمام جنتریوں کو پیچھے چھوڑ جائے گی اس کے لئے چیف ایڈیٹر صاحب اور ان کی پوری ٹیم مبارک باد کی مستحق ہے۔

میں نے جعفریہ جنتری کیلئے اپنے روزمرہ کے معمولات سے لوح شفاء خاص کا عمل چنا ہے جو مجھے فقیر غلام رسول عائلی نقشبندی سے تحفہ ملا تھا اور گذشتہ دو سالوں سے میرے استعمال میں ہے یہ لوح جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسماء و درود پاک اور قرآنی آیات پر مشتمل ہے اس کی تعریف آپ جب خود استعمال کرینگے تو آپ خود ہی کرینگے کوئی بھی بیماری ہو جادو ٹونہ سے لے کر کینسر ہیپاٹائٹس سی شوگر ٹی بی انشاء اللہ ان کیلئے اکسیر سے بڑھ کر ہے میرا مشورہ یہ ہے کہ آپ اس لوح کو دوائی کے ساتھ اپنے استعمال میں رکھیں بارگاہ رب العزت سے ضرور شفاء کی نوید حاصل ہوگی۔

اس لوح سے جو بھی فائدہ اٹھائیں وہ میرے لیے شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری صاحب کیلئے اور فقیر غلام رسول صاحب عائلی کیلئے دعاؤں میں ضرور یاد رکھے بس یہی ہمارا صلہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم




اللھم صل علی سیدنا محمد طب القلوب ودوائها وعافية الابدان شفائها ونور الابصار و فيائها وعلى اله وصحبه وسلم فلما القوا قال موسىٰ ماجئتم به السحر ان الله سيطله ان الله لا يصلح عمل المفسدين ويحق الله الحق بكلمته ولو كره المجرمون اومن كان ميتا فاحيناه وجعلنا نورا يمشي به في الناس اللهم اشف بحرمة لوانزلنا هذا القرآن على جبل لراية خاشعا متصدعا من خشية الله و تلك الامثال نضربها للناس لعلهم يتفكرون۔ اللهم اشف بحرمة اسماء الرسول و اقسام الصلوة الكاملة ولبشفاء الكامل سورة فاتحة بسم الله الرحمن الرحيم الحمد لله رب العالمين الرحمن الرحيم مالك يوم الدين اياك نعبد و اياك نستعين اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولاالضالين كما شفاء ايوب عليه السلام برحمتك يا ارحم الراحمين۔

یہ نقوش دو عدد لکھیں ایک کالی سیاہی سے ایک زعفران سے لکھیں ان نقوش میں جہاں اللھم اشف آیا ہے اس کے آگے مریض کا نام لکھیں کونوں میں جو ہندسے دیئے گئے ہیں وہ نقش کی چال کو ظاہر کرتے ہیں جب یہ نقوش لکھ لیں تو کالی سیاہی والا نقش گلے میں لٹکائیں اور زعفران سیاہی والا نقش پانی میں ڈال کر 81 دن پئیں اور یہ عبارت پڑھ کر گیارہ گیارہ بار دونوں نقوش پر دم کریں۔ عبارت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صل علی محمد ابو الطیب صاحب الخوارق العادات اللھم صل علی محمد خطیب الامم رافع الرتب اللھم صل علی محمد کاشف الکرب صاحب الخاتم اللھم صل علی محمد

مبین مرتضی اللھم صل علی محمد فاتح صاحب الخاتم اللھم صل علی محمد مبین مبلغ علمک واتبک اللھم صل علی محمد روح الحق کریم المخرج اللھم صل علی محمد جواد احمد اللھم صل علی محمد داع مبین اللھم صل علی محمد وجیہ سبب فی کل موجود اللھم علی محمد مدنی اللھم صل علی ماح اللھم صل علی محمد رئوف مخصوص بالعز اللھم صل علی محمد روح القدس امام الخیر اللھم صل علی محمد شفیع فی الاخرین اللھم صل علی محمد ناطق ھادی من الضلالض اللھم صل علی محمد کفیل خاتم الانبیاء اللھم صل علی محمد امنی خزاین رحمتک اللھم صل علی محمد رشید صاحب الدلالات حلیم حبیب مامون حزب الله ناطق صاحب اللواء مجیب سید کامل نصیح مزمل اللھم اشف (مریض کا نام) اللھم صل علی محمد منیر شفیع الامۃ اللھم صل علی محمد مصدق امام المتقین اللھم صل علی محمد مومن ذاکر اللھم صل علی محمد رحمۃ مفتاح اللھم صل علی محمد قریب رسول الرحمۃ اللھم صل علی محمد حجۃ ذکر الله اللھم صل علی محمد شمس الرسالۃ اللھم صل علی محمد

## جفر وسیلہ ظفر

تحریر: فیض علی حسینی ساکن چک 46 ڈاکخانہ منڈی آباد تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ
0306-4105076

جب تو حقائق مخفیہ سے خبردار ہونا چاہے تو ابقغ کے قواعد کو اپنا مددگار بنالے ان قواعد کا درست استعمال تجھے صحیح راستے تک پہنچا دے گا (حضرت امام حسنؑ)

معزز قارئین جعفریہ جنتری! اگر آپ اور ہم ائمہ اطہار علیہ السلام کے مقدس علم (علم جفر) سے اپنے روزمرہ امورات میں مشاورت لیں تو نہ صرف اس کے خیر و شر سے آگاہی حاصل کرلیں گے بلکہ بہت ساری پریشانیوں ناکامیوں اور محرومیوں سے محفوظ رہیں گے اور مستقبل کو بھی روشن اور تابناک بنا سکتے ہیں میں جو علم جفر کا قاعدہ آپ کے خلوص کی نذر کر رہا ہوں نہایت آسان سا قاعدہ ہے جو مجھے میرے استاد محترم و مکرم جناب ایم غلام عباس اعوان کی نوازشوں سے عطا ہوا ہے قاعدہ کی تشریح پر غور کریں۔

**قوانین مستحصلہ:** اپنا سوال لکھئے۔ سوال لکھتے وقت درست وقت بھی نوٹ کرلیں۔ سوال بسط حرفی کریں۔ طلوع آفتاب سے سوال لکھنے کے وقت تک جتنے گھنٹے مکمل گزر چکے ہیں اس عدد کے مطابق سوال سے گنتی کرکے حروف اٹھالیں بس یہ حروف آپ کے سوال کا جواب ہیں اکثر اوقات خود ناطق جواب آتا ہے یا زیادہ سے زیادہ ایک دو حروف کو نظیرہ برہم مرتبہ سے تبادلہ دینا پڑتا ہے۔

**نوٹ:** ابجد میں ہر حرف سے پندرھواں حرف نظیرہ کا ہوتا ہے جیسے ب کا نظیرہ ع اور س کا نظیرہ ا اب چند مثالیں پیش کررہا ہوں۔

**یاعلیم!** کسی بھی گھر یا دفتر کو آفات ارضی وسماوی سے محفوظ کرنے کیلئے کونسا نقش آویزاں کرنا چاہئے؟ (طلوع سے 5 گھنٹے مکمل گزرے)
ک س ی ب ھ ی ک ھ ر ی ا د ف ر ک و ا ا ف ا ت ا ر ض ی و س م ا و ی س ی م ح ف و ظ ک ر ن ی ک ی ل ی ی ک و ن س ا ن ق ش ا ا و ی ز ا ن ک ر ن ا ج ا ھ ی ی (۵ کی گنتی سے حروف اٹھائے)۔
مستحصلہ: ھ ی ر ف ض ا م ک ی و ق ی ر ھ
ناطق: ھ ی و ف ض ا م س ی و ق ی ر ھ
ہو فیض، اسم، قوی رہے (واللہ اعلم بالصواب)
اسم الٰہی یا قوی کا نقش فیض رساں ہے (صرف دو حروف کا تبادلہ)

**یاعلیم!** منوراں بنت تبسم بیگم کے رشتہ ہونے میں کیا رکاوٹ ہے؟ (طلوع سے 5 گھنٹے گزرے)
م ن و ر ا ن ب ن ت ت ب س م ب ی ک م ک ی ر ش ت ہ ھ و ن ی م ی ن ک ی ا ر ک ا و ت ھ ی؟ (۵ کی گنتی سے حروف اٹھائے)
مستحصلہ: ا ت ی ر و ن ک ی — ناطق: ا ح ی ر و ن ک ی
روحانی کی (یعنی روحانی بندش کی گئی ہے) (واللہ اعلم بالصواب)

**یا علیم!** بیرون ملک کا سفر طارق بن اقصیٰ فہمیدہ کے مقدر میں ہے یا نہ؟ (طلوع سے 8 گھنٹے گزرے) ب ی ر و ن م ل ک ک ا س ف ر ط ا ر ق ب ن ا ق ص ی ف ھ م ی د ہ ک ی م ق د ر م ی ن ھ ی ی ا ن ھ (۸ کی گنتی سے حروف اٹھائے)
مستحصلہ: ک ر ف م ی — ناطق: ک ر ح م ق
کرم حق (بجانب حق اس پر کرم ہوگا)

**یا علیم!** دہشت گرد حملوں سے بچاؤ کیلئے پاکستانی عوام کونسا اسم الٰہی ورد رکھے؟ (طلوع سے 4 گھنٹے گزرے)
د ھ ش ت ک ر د ح م ل و ن س ی ب ج ا و ک ی ل ی ی پ ا ک س ت ا ن ی ع و ا م ک و ن س ا ا س م ا ل ھ ی و ر د ر ک ھ ی (4 کی گنتی سے حروف اٹھائے)
مستحصلہ: ر ن و ب ن ک س و ی — ناطق: ر ن و ب ن ب خ و ی
نور بن خوبی — اسم الٰہی یا نور میں یہ خوبی ہے

# تل اور نجوم

تحریر عامل حکیم
شاعر اہل بیت درویش
خضر عباس پیاسی
فاضل پور سٹی نزد پولیس
چوکی تحصیل و ضلع راجن پور

## تلوں کے اسرار

تل تقریباً ہر انسانی جسم پر کہیں نہ کہیں ضرور موجود ہوتے ہیں۔ البتہ ان کی تعداد مقرر نہیں ہوتی ہے۔ کسی جسم پر کم اور کسی جسم پر بہ کثرت ہوتے ہیں۔ علم نجوم کے لحاظ سے تل قسمت کے محدود دائرہ کی نشاندہی کرتے ہیں۔ تلوں کے نتائج کا اظہار علم نجوم کی ایک شاخ ہے اور یہ بہت ہی پرانا فلسفہ ہے کہ انسانی بدن پر تلوں کے مقامات سے پیشن گوئی کی جا سکتی ہے کیونکہ جسم کا ہر حصہ علم نجوم میں ایک برج سے تعلق رکھتا ہے۔ لوگوں کے کردار اور ان کے مستقبل کے بارے میں جو اندازہ کیا جاتا ہے۔ وہ تل کے مقام' بناوٹ' رنگ اور شکل و صورت سے کیا جاسکتا ہے۔

مثال کے طور پر تلوں کا گول ہونا اچھائی کی علامت ہے۔ لمبا تل دولت مندی کو ظاہر کرتا ہے۔ کونوں والا تل اچھی اور بری دونوں علامتوں کا حامل ہوتا ہے۔ اسی طرح ہلکے رنگ کا تل خوش نصیبی ظاہر کرتا ہے اور سیاہ تل بہت سی مشکلات کے بعد کامیاب ظاہر کرتا ہے۔ لیکن جسم کے جس حصہ پر تل ہو اس کے برج کے ذریعے پیشن گوئی کرنی چاہئے۔ کیونکہ اس کا نشان وہاں موجود ہے اور خود ہی اپنی اہمت کو ظاہر کر رہا ہے۔

## انسانی جسم کا بروج سے تعلق

| | |
|---|---|
| حمل | سر اور چہرہ |
| ثور | گردن اور گلا |
| جوزا | بازو اور کندھے |
| سرطان | چھاتی اور معدہ |
| اسد | دل اور پشت |
| سنبلہ | پیٹ یا شکم |
| میزان | کمر |
| عقرب | رانوں کا سنگم یا چڈا |
| قوس | ٹانگیں اور ران |
| جدی | زانو |
| دلو | پنڈلیاں اور ٹخنہ |
| حوت | پاؤں اور پنجہ |

انسانی جسم پر تل پیدائشی ہوتے ہیں۔ یہ کسی طبعی تبدیلی یا کسی مرض کے سبب پیدا نہیں ہوتے۔ انہیں کسی اعلیٰ ڈاکٹر کے مشورہ کے بغیر ختم نہیں کیا جا سکتا لیکن اگر تل کسی علاج اور طبی ذریعہ کے بغیر کود بخود ختم ہو جائیں تو کسی بہت بڑے خطرے یا واعہ کا اظہار ہوتا ہے۔ اکثر اوقات موت کی پیشن گوئی بھی کی جاتی ہے۔

جگہ اور بروج کے لحاظ سے انسانی جسم پر تلوں کے اثرات درج ذیل ہیں۔

## کان

انسانوں کے کان پر تل شاذ و نادر ہی ہوتے ہیں۔ البتہ جس شخص کے کان پر تل ہوگا وہ غیر متوقع طور پر بہت دولت مند ہوگا۔

## رخساروں

جن افراد کے کسی ایک رخسار پر تل ہو تو وہ انہیں سنجیدہ اور مطالعہ کا شوقین بناتا ہے۔ یہ لوگ مذہبی قسم کے ہوتے ہیں۔ زندگی' سیاست اور مذہبی نظریات کے لیے درمیانی راستہ اختیار کرتے ہیں۔ ان کی خوشیوں کے لیے دولت ضروری نہیں ہوتی۔ اگر دونوں رخساروں پر تل ہو تو کامیابی سخت محنت اور مشکلات کے خلاف لڑ کر حاصل ہوتی ہے۔

## سینہ

سینہ پر تل سستی کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ بعض اوقات بدچلنی اختیار کرنے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ سینہ پر تل والے افراد خواہشات کے تابع ہوتے ہیں جس کے نتیجے میں یہ رنگین مزاج زندگی اختیار کر لیتے ہیں' یہ تل جھگڑالو فطرت کو دھیما کرتے ہیں۔

## بغل

تل سیدھے بازو کے نیچے بغل میں ہو تو خوشحالی کے لیے ثابت قدمی اور ہوشیاری کا اظہار کرتا ہے۔ البتہ حفاظت کا بہت خیال رکھنا پڑتا ہے۔ اگر اُلٹے بازو کے نیچے بغل میں تل ہے تو زندگی کے ابتدائی سالوں میں سخت جدوجہد کرنا پڑے گی۔ البتہ معاوضہ کافی ملے گا اور یہ لوگ دولت مند ہو جائیں گے۔ بیشتر سالوں تک خوش بخت زندگی گزاریں گے۔

## پیشانی

اگر پیشانی پر تل دائیں اور بائیں جانب ہوں تو بائیں جانب کے تل والا

شخص روپیہ پیسہ کے معاملات میں غیر محتاط ہوتا ہے۔ وہ ضدی، خودسر اور فضول خرچ ہوتا ہے اور نقصان اٹھاتا ہے۔ اگر تل پیشانی کے درمیان ہو تو بزرگی، دولت، محبت، خوشگوار زندگی ہونے کی دلیل ہے۔

## ابرو

تل اگر دائیں ابرو پر ہو تو یہ ثابت قدمی کی علامت ہے۔ اپنے گھر، خاندان اور کاروبار یہاں تک کہ ہر معاملہ میں کامیاب اور سرگرم زندگی گزرتی ہے۔ اگر تل الٹی ابرو پر یا کنپٹی پر ہو تو اس کا نتیجہ الٹ سمجھا جائے گا۔ ایسے لوگ اپنی آرام طلبی اور خودغرضی کی زندگی کی وجہ سے مایوسیوں سے دوچار ہوتے رہتے ہیں۔

## ناک

ناک پر تل والا سچا دوست ہوتا ہے۔ کامیابیاں حاصل کرتا رہتا ہے۔ اس کی شادی بھی کامیاب ہوتی ہے۔ وہ دولت اکٹھی کرنے کے لیے ان جگہوں پر بھی جدوجہد جاری رکھتا ہے جو ناممکن قسم کی ہوتی ہیں۔

## آنکھ

آنکھ پر تل والوں کی قابلیت خلاف معمول مفلسی سے پناہ دیتی ہے۔ اگر تل آنکھ کے کونے میں باہر کی جانب ہو تو اس کا مطلب ہے سچائی پسندی، ایمانداری، ایک بااعتماد شخص جسے محبت اور قابل تحسین زندگی کے حصول کے لیے سخت جدوجہد کی ضرورت ہوتی ہے۔

## ٹھوڑی

اکثر لوگوں کی ٹھوڑی پر تل ہوتے ہیں۔ یہ لوگ قابل رشک خصوصیا کے مالک ہوتے ہیں۔ لوگوں سے محبت رکھتے ہیں۔ بلند حوصلہ ہوتے ہیں۔ لائق اور ذمہ دار شہری بنتے ہیں۔ دور کے ملکوں کے لوگوں کے رسم ورواج سے واقفیت رکھتے ہیں۔ خاندان کے لیے ذمہ داری کے کام قبول کرنے سے گریز نہیں کرتے۔ کام میں ایماندار اور سیاحت کے شوقین ہوتے ہیں

## چھاتیوں

اگر تل سیدھے پستان پر ہو تو ان کی کاہلی ممکن ہے اپنی اور خاندان کی خوشیوں کو ڈس لے۔ ان کو بچوں کی محبت اور اطمینان بخش زندگی کے حصول کے لیے ہمت اور نفس پر قابو پانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر الٹی چھاتی پر تل ہو تو محنتی، چست و چالاک ہونے کی دلیل ہے جو دولت اور جائیداد کے وصول کے لیے مصروف رہنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

## گردن

یہ لوگ خلاف توقع خوش بخت ہوتے ہیں بشرطیکہ تل گردن کے سامنے ہو۔ اگر تل گردن کے ایک طرف ہو تو انہیں کفایت شعاری کی عادت ڈالنی چاہئے۔ فضول خرچی سے پرہیز کرنا ان کے لیے ضروری ہے۔

## پیٹ

جن لوگوں کے پیٹ پر تل ہو ان کو اپنی ناز برداری کی خواہش ہوتی ہے۔ ضرورت سے زیادہ کھانے اور بے اندازہ پینے سے انہیں پرہیز کرنا چاہئے تنگدستی کی حالت میں اپنی کفایت شعاری پر نگاہ رکھیں۔ انہیں زندگی کا ایسا ساتھی تلاش کرنا چاہئے جو معاملہ فہم، دوراندیش اور سرد مزاج ہو۔ لیکن اپنے دشمن پیدا کر لیتے ہیں۔ جو ذرا ذرا سی ناراضگی کا باعث بنتے ہیں۔ اور ان کو مسلسل پریشان کرتے ہیں۔

## پائوں

پیر پر تل والے مالیخولیا جیسا مرض رکھتے ہیں۔ یہ لوگ کاہلی کی زندگی پسند کرتے ہیں۔ انہیں مصروفیات اور حرکات میں توازن قائم رکھنا چاہئے جو ان کی صحت کے لیے بہت ہی ضروری ہے۔

## کہنی

کہنی پر تل والے حضرات سیر وسیاحت کے بہت خواہش مند ہوتے ہیں۔ مگر ان کی خواہش ہمیشہ غیر یقینی سی رہتی ہے۔ عام طور پر ان میں آرٹ اور ہنر کے ایک دو جوہر ضرور ہوتے ہیں۔ جو مالی خوش بختی لا سکتے ہیں۔ لیکن یہ لوگ کم لگن اور شوق رکھتے ہیں یعنی انہیں کام سے بہت تھوڑی دلچسپی ہوتی ہے۔

## جبڑے

آدمی کے بائیں جبڑے پر تل ہو تو وہ آدمی تنقیدی نظریات رکھنے والا ہوگا یعنی عیب بین ہوگا۔ اگر تل داہنے جبڑے پر ہو تو اس شخص کو زندگی میں پانی یا آگ سے خطرہ ہوتا ہے۔

## پلکوں

اگر کسی کی پلک پر تل ہو تو یہ بہتری کی علامت ہوتی ہے۔ ایسے افراد کی اوائل عمری میں شادی ہو جاتی ہے۔ اور کامیاب رہتے ہے۔ لیکن انہیں بجلی کے حادثے کا شکار ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔ اس لیے احتیاط ضروری ہے۔

## پیٹھ

جس کسی کی پیٹھ پر تل ہو وہ بہت دور اندیش اور معاملہ فہم ہوتا ہے۔ کسی مہم یا معاملہ کی سار حقیقت یقینی طور پر اسے پہلے ہی معلوم ہو جایا کرے گی اور وہ حالات کے مطابق خود کو تبدیل کر سکے گا۔

## کولہے

کولہے پر تل والے بہت جاہ طلب نہیں ہوتے ہیں۔ کسی قسم کی بھی حالت ہو اس میں گزارہ کر لیں گے یہ لوگ مفلسی میں بھی گزارہ کر لیتے ہیں یہ بہت معاملہ فہم ہوتے ہیں اطمینان، حوصلہ اور خوش طبعی کی ان میں نمایاں صفات ہوتی ہیں۔

## ٹانگ

ٹانگ پر تل والوں کو ابتدائی سالوں میں بہت سی مشکلات پیش آئیں گی لیکن ذاتی قابلیت کی وجہ سے ان پر غالب آنے کی لاحیت بھی ہوگی۔ ان کی حاضر دماغی کو منتشر نہ ہونا چاہئے اور نہ ہی آرام طلبی کو قریب آنے دینا چاہئے۔

## ٹخنے

تل اگر مرد کے ٹخنے پر ہو تو اس کے ڈرپوک اور بزدل ہونے کی دلیل ہے۔ اگر عورت کے ٹخنے پر تل ہو تو اس کے عقل مند دلیر اور خوش مزاج ہونے کی علامت ہے۔ وہ دوسروں کے ساتھ دنیاوی لین دین اور ان سے محبت رکھنے کی خواہش مند ہوتی ہے۔

## چڈا (رانوں کا سنگم)

چڈا میں اگر سیدھی جانب تل ہو تو اقبال مندی کی علامت اور بیمار رہنے کی پیش گوئی ہے۔ اگر الٹی جانب ہو تو اقبال مندی کے لیے بے ثباتی کا اظہار ہوتا ہے۔

## گھٹنا

تل اگر سیدھے گھٹنے پر ہو تو ایسا آدمی دوست نواز اور ملنسار طبیعت کا مالک ہوگا۔ وہ خاندان کی ضروریات اور گھریلو زندگی سے انتہائی محبت رکھنے والا ہوگا۔ اگر الٹے گھٹنے پر تل ہو تو آدمی شاہ خرچ محتاط اور بے اصول ہوگا۔ لیکن بہترین بزنس مین ہوگا۔

## ایڑھی

ایڑھی پر تل والے لوگ جسمانی اور ذہنی طور پر بہت ہوشیار ہوتے ہیں۔ اگر ان کی خواہش اور مرضی ہو تو یہ دولت جمع کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

## بازو

بازو پر تل خوش اخلاق محنتی اور اچھی ازدواجی زندگی کو ظاہر کرتا ہے اگر تل کہنی کے قریب ہو تو آدمی بہت سی جنگوں میں حصہ لے گا اس کے علاوہ یہ تل جلد رنڈوا ہونے کی علامت بھی ہے عورت کے لیے بھی تقریباً یہی خصوصیات ہیں۔

## ہاتھ

جس شخص کے ہاتھوں پر تل ہو اس کی خوشیوں، دولت، صحت اور تقریباً ہر چیز کی کثرت ہوتی ہے۔ وہ عموماً بہت ذہین اور معاملہ فہم ہوتا ہے اور زندگی کی خوشیوں سے لطف اندوز ہوتا ہے۔

## انگلی

تل چاہے کسی بھی انگلی پر ہو یہ بے ایمانی اور مبالغہ آمیزی کو ظاہر کرتا ہے۔ زندگی کے اہم امور جن سے وہ دوچار ہوتا ہے۔ ان کی سختیوں کا مابلہ کرنے کی اس میں ہمت نہیں ہوتی۔ وہ پست حوصلہ ہوتا ہے۔

## کلائی

کلائی پر تل والے لوگ قابل بھروسہ، خوش تدبیر اور کفایت شعار ہوتے ہیں اگر عورت کی کلائی پر تل ہو تو ایک شادی ہوتی ہے۔ اگر مرد کی کلائی پر تل ہو تو دو شادیوں کا امکان ہوتا ہے۔ دونوں کلائیوں پر تل ہو تو وہ شخص دوہری طبع کا مالک ہوتا ہے۔

## ہونٹ

ہونٹ پر تل ہو وہ خیر خواہ فطرت کا مالک ہوتا ہے۔ وہ ہمیشہ بازی پر شرط لگانے کو تیار رہتا ہے۔

## کندھے

کندھے پر تل عموماً ان تھک ہونے کی علامت ہے اس تل کے حامل لوگ گھریلو اور مطمئن ماحول حاصل کرنے کے لیے سفر اختیار کرتے ہیں اگر دائیں کندھے پر تل ہو تو عاقبت اندیش، فہیم اور شادی کے لیے وفادار ہستی ثابت ہوتے ہیں یہ تل ہنر مندی ظاہر کرتا ہے اگر بائیں کندھے پر ہو تو زندہ میں ہر صورت میں مطمئن رہنے کی دلیل ہوتی ہے۔

## ناف پر

تل انسان کی ناف پر ہو تو خوش بختی لانے کی علامت ہے۔ عورت کی ناف پر ہو تو اس میں بہت سے بچوں کی خواہش ہوتی ہے۔ مرد بڑی خوش اور مطمئن زندگی بسر کرتا ہے۔

## پسند کی شادی

تحریر: شہزادہ رضوان حسین شاہ (0300-6368746)

سورۃ النسآء میں آیت نمبر 4 تا 5 کا ترجمہ غور کریں تو بہت کچھ ملتا ہے۔ آیت عربی **فانکحوما طاب من النسآء** اور جو عورتیں تمہیں پسند ہوں اُن سے نکاح کرلو۔ درج بالا آیت کو من پسند نکاح کے معاملہ میں کئی بار مشاہدہ کرنے کو ملا وہ حضرات جو کہ اپنی پسند کی لڑکی سے شادی کرنا چاہتے ہوں لیکن وہ لڑکی اس شخص پر توجہ نہ کرتی ہو یا گھر والے راضی نہ ہوتے ہوں تو اس آیت کی روحانیت نے حیرت انگیز طور پر اپنا اثر دکھایا۔ **طریقہ عمل** اس طرح ہے کہ عروج قمر میں غسل اور وضو کے بعد مطلوب جس سے نکاح کرنا ہو کے گھر کی طرف اپنا منہ کرکے تقریباً 1 گھنٹہ تک مطلوب اور اُس کے گھر والوں کا تصور کرکے اندھیرے کمرہ میں آیت مبارکہ کا ورد کریں گنتی کی کوئی تعداد متعین نہیں۔ چند ہی دنوں میں بہترین نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ وہ خواتین جو کہ کسی مرد سے شادی کی خواہشمند ہوں ایک خاص خاندانی عمل جس کو پوشیدہ رکھا گیا ہے فون پر رابطہ کر کے کروا سکتی ہیں۔

# لوح مبارک پنجتن پاک

تحریر شہزادہ
منظور علی سموں
(ٹنڈو محمد خان)
0333-2813704

قارئین جعفریہ جنتری اسلام علیکم ! یا علی مدد بہترین مضامین کے گلدستے کے ساتھ فقہ جعفریہ سے منسوب اندھیرے میں روشنی کی طرح محترم محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کی محنت کا ثبوت تحفہ روحانیات کے بعد پھر ایک منفرد تحفہ نمایاں پیشکش جعفریہ جنتری 2010ء آپ کے ہاتھوں میں ہے محترم شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔
امید ہے کہ اس جنتری کی شہرت میں اضافہ ہوگا۔ (آمین)
بندہ احقر بھی چہاردہ معصومین۔ بارہ امام اور پنجتن پاک علیہ السلام سے عقیدت وحب رکھتا ہے یہ ہی چمکتے ستارے ہیں جو دین اسلام کے حقیقی وارث ہیں اگر سمندر سیاہی بن جائے اور درخت قلم بن جائیں تو بھی ان کی تعریف اور بیان کو مکمل نہیں کرسکیں گے۔

## "رباعی"

مجھے مشکل سے کیا خطرہ علی کا نام کافی ہے
عجل کا روک دوں راستہ۔ علی کا نام کافی ہے
نعرہ یاعلی کہہ کر اچانک میں جو اٹھ بیٹھا
فرشتوں نے کہا بس سوجا' علی کا نام کافی ہے۔

تحقیق :۔ ذرا غور کریں

1 :۔ قرآن مجید کی بعض سورتوں میں حروف مقطعات نورانی آئے ہیں ان کو خالص کرنے سے صرف چہاردہ حروف بنتے ہیں۔

2 :۔ چودہ تاریخ کے مکمل چاند کی خوبصورتی اور روشنی آپ غور کریں۔ معجزہ ہے کسی اور تاریخ کے چاند میں اتنی خوبصورتی اور روشنی کیوں نہیں ظاہر ہوتی ہے۔

3 :۔ سال کے بارہ ماہ اور بارہ بروج

4 :۔ دن میں ۵ وقت فرض نماز

5 :۔ ہر ایک ہاتھ میں 5 انگلیاں

6 :۔ کسی بھی قسم کے گھڑیال کو دیکھیں 1 تا 12 تک نمبرز ہیں جو گھنٹے کو ظاہر کرتے ہیں اور منٹوں کا فاصلہ 5-5 منٹ پر رکھا گیا ہے اور نمبر دیا گیا ہے

7 :۔ گھنٹے بارہ دیئے گئے ہیں اور منٹ ساٹھ تک ہوتے ہیں ان کو جمع کرنے سے 12+60=72 بنتے ہیں۔ مندرجہ بالا تمام باتوں پر غور کرنے سے معجزے اور کرشمے نظر آئیں گے عقلمند کے لیے اشارہ ہی کافی ہوتا ہے۔ انشاء اللہ آئندہ سال بشرط زندگی جعفریہ جنتری کے لیے کچھ اور تحقیق ظاہر کروں گا۔

اس دفعہ پیارے قارئین کے لئے عملیات کے سمندر سے ایک انمول تحفہ لوح مبارک پنجتن پاک لے کر حاضر ہوا ہوں امید ہے کہ اس لوح مبارک سے ہزاروں فوائد حاصل ہوں گے۔

اوقات :۔ اس لوح مبارک کو شمس' عطارد' مریخ کے شرف میں' یا نوروز عالم افروز کے مبارک وقت میں لکھ سکتے ہیں۔ قواعد عملیات کو مدنظر رکھیں۔

**فوائد لوح مبارک** :۔ اس لوح کو پاس رکھنے سے سحر جادو آسیب نظر بد سے حفاظت۔ بیماری سے شفاء۔ قرض سے نجات۔ مقدمات میں کامیابی مال و دولت میں ترقی۔ عزت و شہرت۔ مقدس مقامات کی زیارات کا شرف۔ ہر قسم حادثات سے تحفظ۔ گولی بم بندوق یا تیغ دار چیز کے زخم سے بچاؤ۔
دشمن مغلوب ہوں گے میاں بیوی میں محبت۔ گھریلو پریشانی سے نجات۔ ملازمت میں ترقی' اولاد کی خواہش۔ امتحان میں کامیابی۔ برے خوابوں سے نجات۔ علوم روحانی میں شوق۔ مذہب میں دلچسپی۔ ہر راہ پر فتح و نصرت ہوگی۔

## لوح مبارک پنجتن پاک

شمکائیل — شقفیائیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قول

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| محمد | ١٣٣ | ٩٨ | ١٥٠ | علی |
| ١٣٠ | ١١٥ | ٩٧ | ١٣٨ | ١٠٣ |
| ١٤٣ | ١٠٨ | فاطمه | ٩٥ | ١٠٢ |
| ١٠٠ | ٨٢ | ١٤٨ | ١١٣ | ١٤٠ |
| حسن | ١٢٥ | ١٠٥ | ٨٧ | حسین |

فقطلشائیل — لوبیائیل

# جہیز کا انتظام

تحریر سید کاشان احمد
کراچی 0333-2296871

محترم قارئین! میری ہمیشہ ہر ممکن یہ کوشش دیتی ہے کہ ایسے روحانی عملیات قارئین کے لئے پیش کر ہوں جو خاص اور اہم ہوں ویسے بھی آج کل کے دور میں اور اثر بھی زیادہ ہے۔

یہ جو عملیات میں پیش کر رہا ہوں وہ تقریباً ہر ضرورت اور مشکل میں کام اہلبیت کے مطابق انتخاب کرتا آپ کا کام ہے

ہر عمل مجرب آزمودہ اور سریع الاثر ہے لہذا آج کی مجلس میں لڑکیوں کی شادی کے مسائل پر کچھ عملیات اور نقوش لے کر حاضر ہوا ہوں یہ سب ہمارے خاندانی مجربات میں سے ہیں۔


## جہیز و شادی خرچہ کا انتظام:۔

جس شخص کے پاس دلہن کے جہیز اور شادی کے خرچے کی استطاعت نہ ہوں وہ شخص درج ذیل عمل میں سے کوئی سا بھی عمل کرے جس میں اسے آسانی ہو۔ روزانہ خرچ کا انتظام خود بخود ہوگا حتیٰ کہ شادی بیاہ کی تمام ضرورتیں خود بخود پوری ہوتی چلی جائینگی کتنی ہی قلیل معاشی حالت ہو انشاءاللہ غیب سے سامان ہوگا۔

عمل نمبر:۔1

چاند کی پہلی جمعرات کو بعد نماز عشاء سے اس عمل کی ابتداء کرتی ہے غسل کر کے پاک و پاکیزہ لباس پہن کر لباس کو خوشبو سے معطر کر کے اسم یالطیف ایک ہزار چھ سو اکتالیس (1641) بار پڑھیں اسکے بعد ایکسوانیس بار یہ آیات پڑھیں **اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھوالقوی العزیز** اور آخر میں 33 مرتبہ یہ دعا پڑھیں **اللھم اقضي حاجتي انك علي كل شئي قديره**

اور اس نقش کو لکھ کر موم جامعہ کر کے خوشبو سے معطر کر کے اپنے بازو پر باندھے اس عمل کی مدت 90 دن ہے انشاءاللہ 90 دن پورے ہونے سے پہلے کام ہوجائے گا۔




عمل نمبر2:۔


سورہ یٰسین شریف اس طرح سے اپنے معمول وار میں لائے ایک مرتبہ قبل نماز فجر اور پھر ایک بار بعد نماز فجر اسی طرح سے ہر نماز سے قبل اور ہر نماز کے بعد ایک ایک مرتبہ پڑھے اس طرح یہ دس بار روزانہ ہوئے اگر اس طرح نہ پڑھ سکے تو صبح کو بعد نماز فجر 7 ساتھ بار اور رات کو بعد نماز دعاء تین بار پڑھ لیا کرے انشاءاللہ غیب سے سامان پیدا ہوگا۔

## رشتے نہ آنا

اگر کنواری لڑکیوں کے رشتے نہ آتے ہوں اور لڑکیوں کی عمریں بہت رہی ہوں اور بڑی کوشش کے باوجود رکاوٹ ہو تو مندرجہ ذیل عمل کریں انشاءاللہ کوئی نہ کوئی مناسب رشتہ بہت جلد مل جائیگا۔

**عمل** :۔ سب کاموں سے فارغ ہو کر رات کو سونے سے پہلے اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھنے کے بعد سورۃ اخلاص اکتالیس مرتبہ پڑھیں اسکے بعد صرف شادی کیلئے دعا کریں اس عمل کی مدت نوے 90 دن پورے کرنا ضروری ہیں۔

اور اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے اور خوشبو سے معطر کر کے لڑکی اپنے تکیے کے اندر رکھیں۔



# علم جفر و پامسٹری

تحریر
عامل جفار گلفام علی حسینی
تکیہ مندراں والا غازی آباد
(لاہور)
0300-4534910

قارئین جعفریہ جنتری کا بے حد شکر گزار ہوں جنہوں نے گزشتہ سال میرے مضمون کو بے حد پذیرائی بخشی۔

قارئین جعفریہ جنتری! پامسٹری محض ایک علم ہے یقین کامل نہیں اس کے تحت نکلے گئے نتیجے کو حتمی قرار نہیں دیا جا سکتا عالم الغیوب صرف اللہ تعالیٰ کی ذات مبارکہ ہے۔

تاہم یہ سچ ہے کہ پامسٹری غیر محدود زمانے سے جاری ہے یہاں تک کہ بائبل اور ہندی قلمی کتابوں میں اس کا ذکر آیا جاتا ہے قرآن مجید میں سورۃ شمس، قمر، نجم وغیرہ موجود ہیں پامسٹری اور سیاروں میں نہایت گہرا تعلق ہے۔

وہ سیارے مشتری، زحل، عطارد، زہرہ، شمس، قمر اور مریخ ہیں ان میں سے ہر ایک ہاتھ کی مختلف لکیر سے تعلق رکھتا ہے۔ ان کی مدد سے تقدیریں آسانی کے ساتھ معلوم کی جا سکتی ہیں۔

یہ بات قرین قیاس ہے کہ انسان نے دو تک گنتی اپنے ہاتھوں پر اور دس تک گنتی اپنی انگلیوں پر سیکھی موجودہ زمانہ میں بھی اشاراتی زبان کی تدریس کا طریقہ جروج ہے جس میں ہاتھوں کی مدد سے گونگے بولتے ہیں اور بہرے سنتے ہیں ہاتھ خفیہ زبان کا کام بھی دیتا رہا ہے علوم سریہ میں آدمی بذات خود ایک کائنات کے مثل ہے جیسا کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے۔

اتحسب انک جرم صغیر وفیک الطویٰ عالم الاکبر

یعنی کیا تو یہ گمان کرتا ہے کہ تو ایک جسم صغیر ہے حالانکہ عالم کبیر تجھ میں پوشیدہ ہے۔

چنانچہ جسم میں ہڈیاں زمین کے پہاڑ کے مانند ہیں اور گوشت خاک کے مثل اور چھوٹی بڑی رگیں مثل چھوٹی بڑی نہروں کے ہیں اور آدمی کا سر جو اکثر قوی اور حواس کا محل ہے جسم پر آسمان کے مانند ہے جس میں ستارے وغیرہ موجود ہیں جن کی روشنی زمین پر چمکتی ہے اور جو بخارات معدے سے اوپر اٹھ کر دماغ تک پہنچتے ہیں اور سرد ہو کر آنکھ اور دماغ سے ٹپکتے ہیں بارش کی شکل ہے تیز دماغ کی قوتیں مہرہائے پشت کے مغز کے ذریعہ سے تمام بدن میں پہنچتے ہیں۔ جس طرح ستاروں کی روشنی زمین پر اثر کرتی ہے۔ اور جس طرح زمین میں امراء و سلاطین و حکام ہیں اسی طرح بدن میں بھی بعض عضو دوسرے عضو کے خادم ہیں اور سب کا بادشاہ نفس ناطقہ ہے۔ جس کو قلب کہتے ہیں۔ (حیات القلوب جلد سوئم)

قارئین آدمی پانچ نوکوں والا ایک ستارہ ہے۔ سر دونوں بازو دونوں ٹانگیں اسی طرح ہاتھ ایک چھوٹی سی حیثیت میں انسان کا مماثل ہے اس کی بھی پانچ نوکیں ہیں انگوٹھا اور چار انگلیاں اس لیے یہ کوئی تعجب کی بات نہیں کہ جب ہم ہتھیلی کا مطالعہ کرتے ہیں تو پوری زندگی کا خاکہ ہاتھ پر منقش نظر آتا ہے۔

قارئین کرام آپ بخوبی جانتے ہیں کہ میں علم جفر کا طالب علم ہوں مگر شوقین پامسٹری (Palmistry) نے مجھے علم پامسٹری پر کچھ تحریر کرنے پر مجبور کیا تو اس علم، علم پامسٹری کو بذریعہ علم جفر زیادہ آسان اور دلچسپ بنانے کیلئے دس اقساط مضمون کی سوال و جواب کے بطور انشاء اللہ بشرط زندگی بیان کرونگا۔

قارئین کرام یہ علم جفر کا متصلہ حسابی ہے متصلہ حسابی جفر کا آسان ترین قاعدہ ہے۔ بے حد آسان اور نہایت عمدہ جواب دیتا ہے مگر شوقین جفر جانتے ہیں کہ جفر دقیق علم ہے اسی دقیق علم کا متصلہ حسابی ہے جس کو جاننے اور سمجھنے کے لیے بہت سی باتیں تشنہ تکمیل رہ گئی ہیں۔ تاہم قارئین سے گزارش ہے کہ وہ میری کتاب کائنات جفر حصہ اول و دوئم کی طرف رجوع فرمائیں۔

یا علیمُ:۔ علم دست شناسی کیا ہے؟

بسط حرفی کیا! ع ل م د س ت ش ن ا س ی ک ی ا ھ ی

چوتھا چوتھا حرف اٹھایا تو سطر بنی۔ د ن ک ی

سطر اساس! د ن ک ی

وجہ ناطق! ہم رتبہ ہم رتبہ X ہم رتبہ

جوابی حروف! ا ت ھ X ا

ترتیب! ھ ا X ت

الجواب:= ہات (ہاتھ)

یعنی ہاتھ کی لکیروں کے علم کو دست شناسی کہتے ہیں۔ ہاتھ

یا علیمُ:۔ کیا بہت بڑا ناخن کا کچھ اہم مطلب ہے؟
بسط حرفی کیا:۔ ک ی اب ھ ت ب ڑ ی ن اخ ن ک اک چ ھ اھ م م ط ل ب ھ ی
چوتھا چوتھا حرف اٹھایا تو سطر بنی۔ ب ڑ خ ک ھ ل
سطر اساس ب ڑ خ ک ھ ل
وجہ ناطق۔ خود خود نظیرہ ہم رتبہ ہم رتبہ ہم رتبہ
جوابی حروف۔ ب ڑ ی ر ن ج
ترتیب۔ ب ڑ ی ر ن ج
بڑی (بڑا) رنج
یعنی ایسا شخص بڑا دکھی ہوتا ہے۔ اور اس کا دکھ (رنج) دیرپا ہوگا۔
یا علیمُ:۔ کیا لمبائی کی بہ نسبت زیادہ چوڑے ناخن بھی ہوتے ہیں کیا کچھ اہم مطلب ہے؟
بسط حرفی کیا۔ ک ی ال م ب اء ی ک ی ب ھ ن س ب ت ز ی اد ھ چ و ڑ ن اخ ن ب ھ ی ھ و ت ی ھ ی ن ک ی اک چ ھ اھ م م ط ل ب ھ ی
ساتواں ساتواں حرف اٹھایا تو سطر بنی۔ ان د او ی م
سطر اساس۔ ان د او ی م
وجہ ناطق۔ X خود خود X خود نظیرہ ہم رتبہ
جوابی حروف۔ X ن د X و خ ت
ترتیب۔ X ت ن X د خ و
تندخو
یعنی ایسا شخص تندخو (بدمزاج) ہوگا۔ واللہ اعلم
ہاتھ کی ساخت، خطوط اور دیگر نشانات سے انسانی افعال و کردار کے جانچنے اور قسمت کا حال معلوم کرنے کا نام دست شناسی ہے۔
یا علیمُ:۔ ہاتھ پر انگلیاں ہتھیلی سے چھوٹی ہو تو کیا وجہ ہے؟
بسط حرفی کیا! ھ ات ھ پ ر ان گ ل ی ان ھ ت ھ ی ل ی س ی چ ھ و ٹ ی ھ و ت و ک ی ا و ج ھ ھ ی؟
ساتواں ساتواں حرف اٹھایا تو سطر بنی۔ اھ ی و ج
سطر اساس۔ اھ ی و ج
وجہ ناطق۔ نظیرہ ہم رتبہ ہم رتبہ خود نظیرہ
جوابی حروف۔ س ن او ف
ترتیب۔ ن ف س او
الجواب۔ نفس آو (نفس آوے غالب)
یعنی ایسا شخص نفس پرست ہوگا۔ واللہ اعلم
یا علیمُ:۔ ہم عموماً انگلیاں ہتھیلی سے بڑی پاتے ہیں یہ کیا ظاہر کرتیں ہیں؟
بسط حرفی کیا۔ ھ م ع م و م اان گ ل ی ان ھ ت ھ ی ل ی س ی ب ڑ ی پ ات ی ھ ی ن ی ھ ک ی اظ اھ ر گ ر ت ی ن ھ ی ن؟
ساتواں ساتواں حرف اٹھایا تو سطر بنی۔ ان س ت ک ک ن
سطر اساس۔ ان س ت ک ک ن
وجہ ناطق۔ ہم رتبہ خود خود نظیرہ ہم رتبہ خود ہم رتبہ
جوابی حروف۔ ی ن س ح ب ک ھ
ترتیب۔ س ن ی ح ب ک ھ        سینے حب کہہ
یعنی ایسا شخص حب (محبت) کرنے والا اور عاشق مزاج ہوتا ہے ایک دوسرے جفری قاعدے کے مطابق ایسا شخص عاشق اور عقیل ہوتا ہے۔

## رشتوں میں بندش کا خاتمہ


تحریر:۔ سید شاہد حسین نقوی (0300-6368746)


اگر کسی لڑکی کیلئے رشتہ نہ ملتا ہو یا کہیں سے پیغام نہ آتا ہو یا پیغام آ کر لڑکی کو دیکھ کر واپس جواب نہ آتا ہو یا رشتہ بار بار لگ کر ٹوٹ جاتا ہو۔ یا کسی حاسد نے رشتے میں جندش کروائی ہوئی تو مندرجہ ذیل عمل میں سے کوئی عمل کریں انشاءاللہ بندش کا خاتمہ بہت جلد ہوگا اور پیغام اچھے سا اچھا بہت جلد آئیگا۔
چاند کے پہلے اتوار سے اس عمل کی ابتداء کرنی ہے بعد نماز دعاء وضو کر کے اور پاک و پاکیزہ لباس پہن کر اور لباس کو خوشبو سے معطر کر کے سب سے پہلے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنے کے بعد 21 اکیس بار سورۃ الفلق اور سورۃ الناس اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ اور دوسرے نقش کو لکھ کر لپیٹ کر جو کنگا لڑکی استعمال کرتی ہو اس کنگے میں اس نقش کو کالے دھاگے سے باندھ لے اور صبح و شام وہ کنگا اپنے بالوں میں پھیرا کرے۔ یہ کنگا کوئی اور استعمال نہ کرے۔




| | | | |
|---|---|---|---|
| ٢١٥٨ | ٣١٢١ | ٣١٣٦ | ٣١٥٠ |
| ٢١٦٣ | ٢١٥١ | ٣١٥٧ | ٣١٦٢ |
| ٢١٥٢ | ٢١٦٦ | ٣١٥٩ | ٣١٥٦ |
| ٢١٦٠ | ٢١٥٥ | ٣١٥٣ | ٣١٦٥ |

پہلا نقش




| | | | |
|---|---|---|---|
| ١٣٢٣ | ١٣٢٧ | ١٣٣٠ | ١٣١٦ |
| ١٣٢٩ | ١٣١٦ | ١٣٢٢ | ١٣٢٨ |
| ١٣١٨ | ١٣٣٢ | ١٣٢٥ | ١٣٢١ |
| ١٣٢٦ | ١٣٣٠ | ١٣١٩ | ١٣٣١ |

دوسرا نقش



# علاج بالقرآن

تحریر: مسز شاہدہ خضر گورمانی، فاضل پورسٹی نزد پولیس چوکی تحصیل و ضلع راجن پور 0333-6431553

## قرار حمل کیلئے

جس کے اولاد نہ ہوتی ہو ان آیات کو سفید کپڑے کے دو ٹکڑوں پر مشک 'مشک زعفران اور گلاب سے جمعہ کے دن لکھیں اور پھر سوہ ال عمران کی آیت (۳۸) سے (۴۰) تک آیت کسی شیشہ کے برتن پر لکھ کر اور دھو کر زن و شوہر پانی پئیں۔ کپڑوں پر لکھے ہوئے ٹکڑوں کو تہہ کر کے ریشمی ڈوری سے باندھ کر (تعویذ) گلے میں (دونوں) لٹکائیں۔ یہ تعویذ حالت پاکی میں پہنیں ہر وقت کثرت سے کہتے ہیں۔

رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ (آل عمران:۳۸)

آیات مبارکہ (38) سے 40 (یہ آیات کپڑے کے دو ٹکڑوں پر لکھیں اور تعویز بنائیں)

هُنَا لِكَ دُعَازَكَرِيَّا رَبَّه' قَالَ رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ (آل عمران:۳۸)

فَنَادَتْهُ الْمَلَائِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّي فِي الْمِحْرَابِ لا اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ (آل عمران : ۳۹)

قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ۔ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ (آلعمران : ۴۰)

## برص اور جذام کیلئے

اگر مبروص اور مجذوم اپنے گناہوں سے توبہ کرے اور یہ آیت (۴۹) آل عمران ہر وقت پڑھتا رہے محمد و آل محمد کا واسطہ دے کر اپنی شفایابی کے لیے دعا کرے تو شفا ہوگی۔

بسم اللّٰہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم (قدجئتکم سے مومنین تک)

اَنِّيْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ لا اَنِّيْ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ طَيْرًا بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ فِيْ بُيُوْتِكُمْ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (آل عمران ۴۹)

## ترقی کاروبار' روزگار

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ سے وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ تک (74-73 آل عمران)

1:۔ اگر کوئی شخص جمعرات کے روز باوضو ہو کر کسی خوش قسمت اور تو انگر شخص کے کرتے پر نئے قلم اور روشنائی سے یہ آیات لکھے بمعہ بسم اللہ اور اس کو اپنی دکان مکان یا خرید فروخت کی جگہ پر لٹکا دے تو کاروبار میں بہت برکت ہوگی۔

2:۔ کسی بے روزگار کے بازو پر لکھ کر باندھ دیں تو روزگار کی سبیل بہت جلد ہوگی نکاح کے پیغام کے لیے بھی بازو پر باندھے کامیابی ہوگی۔

آیات سورة عمران 74-73

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ۔ (آل عمران : 73)

يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ۔ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ۔ (آل عمران : 74)

## کسی مصیبت سے چھٹکارا

اگر کوئی شخص کسی مصیبت سے نجات چاہے تو اس آیہ مبارکہ کا ورد کرتا رہے۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (آل عمران 173)

## حفاظت حمل

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرَانَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ (35 العمران) سے يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ (37 العمران) تک

یہ آیات پوست آہو لکھ کر زن حاملہ کے داہنے پہلو پر باندھ دیں یہ تعویز وضع حمل تک بندھا رکھیں۔ نجاست میں اتار دیں۔ انشاء اللہ حفاظت رہے گی۔

## کسی ظالم و جابر کی قید سے رہائی

رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا ۔ وَاجْعَلْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ وَلِيًّا وَاجْعَلْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ نَصِيرًا (النساء : 75)

آیت مذکورہ کو بکثرت پڑھیں انشاء اللہ رہائی کی سبیل ہوجائے گی۔

## محبت کے لیے (تسخیر محبت)

يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ أَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ أَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِينَ يُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُونَ لَوْمَةَ لَائِمٍ ۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ ۔ (المائدہ 54)

100 مرتبہ (ایک تسبیح) یہ آیت پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کریں جس کو کھلائیں وہ محبت کرنے لگے گا۔

## کوئی بیماری جسم میں داخل نہ ہوگی

سورۃ انعام کی پہلی آیت پڑھ کر صبح و شام ہاتھوں پر پھونک کر جسم پر ہاتھ پھیرے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّورَ ثُمَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ ۔ (انعام : 1)

## غصہ دور کرنے کے لئے

وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۔ (انعام : 13)

1: ۔غصہ کو فوری رفع کرنے کے لیے یہ آیت مجرب ہے ۔ پڑھ کر پھونکیں۔

2: ۔درد کو ساکن کرنے کے لیے درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں۔

## دل کے مرض کیلئے

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهُ اِلَّا هُوَ ۔ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (17) وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ (18) انعام

دل یا بازو میں درد ہو تو یہ دونوں آیات کاغذ پر لکھ کر تعویذ باندھیں۔

## رنج و غم سے نجات

آیات بالا (17-18) سورہ انعام۔

سوتے وقت سات مرتبہ پڑھ لیں انشاء اللہ پریشانی دور ہوجائے گی۔

## قبولیت دعا کے لئے

ہر واجب کے نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھیں۔

وَاُفَوِّضُ اَمْرِی اِلَى اللّٰهِ ۔ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيرٌ ۔ بِالْعِبَادِ (44) مومن

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيرُ

دن میں ان آیات کا ورد کرتے رہیں۔

## دانت کے درد کے لئے

لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُونَ (انعام:67) یہ آیت کاغذ پر لکھ کر دانت پر رکھیں درد ساکن ہوجائیگا۔

## حاجت

حاجت کے لیے گیارہ مرتبہ پڑھیں

رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ (بقرہ ۲۰۱)

پھر کہے

اللھم انی اسئلک بعزۃ الانبیاء علیھم السلام وبعزۃ محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام اقضی حاجتی یاقاضی الحاجات۔

پھر اپنی حاجت بیان کریں۔

## دق کے مرض

وتمت کلمت ربک صدقا وعدلا ۔ لا مبدل لکلمتہ وھو السمیع العلیم ۔(انعام : 115)

یہ آیت ملفوظی حروف میں لکھ کر مثلاً وث م ت' ک ل م ت ک۔اغذ کو اس طرح موم جامہ میں لپیٹیں کہ کاغذ کا سادہ حصہ تہہ کے اندر اور لکھا حصہ باہر ہو پھر عرق گلاب میں مصری ڈال کر پانی میں یہ تعویز ڈال دیں یہ شربت سات دن مریض کو پلائیں انشاء اللہ شفاء ہوجائیگی۔

## آندھی کی شدت کو روکنا

لاتدرکہ الابصار وھو یدرک الابصار وھو اللطیف الخبیر ۔ (انعام : 103) یہ آیت پڑھیں آندھی پرسکون ہو جائیگی۔

## درجات کی بلندی

الٓمٓصٓ کتب انزل الیک فلا یکن فی صدرک حرج منہ لتنذر بہ وذکری للمومنین ۔اتبعوا مآ انزل الیکم من ربکم ولا تتبعوا من دونہ اولیآء ۔ قلیلا ماتذکرون ۔

جو شخص یہ آیات لکھ کر اپنے پاس رکھے تو پروردگار اسے نیک سیرت بنائے گا حکومت میسر ہوگی اور لوگوں کیلئے نیک کام کریگا۔

## معافی گناہ

ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفرلنا وترحمنا لنكونن من الخسرين۔

ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ کر گناہوں کی معافی مانگ لیں۔

## لقوہ اور فالج کے مرض سے حفاظت

ان ربكم الله الذى خلق السموات والارض فى ستة ايام ثم استوى على العرش۔ يغشى اليل النهار يطلبه حثيثا۔ والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامره الا له الخلق والامر۔ تبارك الله رب العالمين۔

جو شخص سوتے وقت یہ آیت پڑھ لے وہ لقوہ فالج اور شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

## زراعت کی حفاظت

وهو الذى يرسل الريح بشرام بين يدى رحمته حتى اذآ اقلت سحابا ثقالا سقناهم لبلد ميت فانزلنا به الماء فاخرجنا به من كل الثمرات كذلك نخرج الموتى لعلكم تذكرون والبلد الطيب يخرج نباته باذن ربه۔ والذى خبث لايخرج الا نكدا كذلك نصرف الايات لقوم يشكرون۔

درختوں کو ہر قسم کی آفات، بیماریوں اور کیڑے مکوڑوں سے بچانے کے لیے زعفران، انگور اور سیب کے عرق سے زیتون کی لکڑی پر یہ آیات لکھ کر پھر پانی سے دھو کر پانی درخت کی جڑ میں ڈال دیں اور پر تازہ پانی بھی ڈال دیں درخت ہر آفت سے محفوظ رہیں گے۔

## سانپ، بچھو اور دیگر موذی جانوروں سے بچائو

اوامن اهل القرای ان ياتيهم باسنا ضحى وهم يلعبون افامنوا مكرالله۔ فلايا من مكر الله الا القوم الخسرون۔

محرم کی پہلی تاریخ یہ آیات کسی کاغذ پر لکھ کر دھوئیں پھر گھر کے گوشوں میں چھڑک دیں۔ (پانی) گھر موذی حشرات الارض سے محفوظ رہیگا۔

## طلباء علم کے لیے دعا

واذ نتقنا الجبل فوقهم كانه ظلة وظنوآ انه واقع بهم خذوا مااتينكم بقوة واذكروا مافيه لعلكم تتقون۔

ففهمنها سليمن ج وكلا اتينا حكما وعلما وسخرنا مع دائود والجبال يسبحن والطير۔

یہ آیت لکھ کر سبق کی جگہ کتاب میں رکھ لیں انشاءاللہ سبق بہت جلدی یاد ہو جائیگا اور حفیظ و فہم میں زیادتی ہوگی۔

## آیات شفا

ابوالقاسم قشیری سے منقول ہے میرا بیٹا بہت بیمار تھا میں نے خواب میں رسول خدا کی زیارت کی اور بیٹے کی بیماری کا حال سنایا۔ آپ نے فرمایا، اے ابوالقاسم! آیات شفا کیوں نہیں پڑھتے ان میں اسم اعظم ہے۔ رسالت مآب نے یہ آیات تعلیم کیں میں نے لکھ کر اور پانی سے دھو کر بیٹے کو پلائیں وہ صحت یاب ہوگیا ہر مرض کے لیے باعث شفا آیات ہیں۔

1: ۔ ويشف صدور قوم مومنين۔

2: ۔ قد جائتكم موعظة من ربكم وشفآا لما فى الصدور۔

3: ۔ يخرج من بطونها شراب مختلف الوانه فيه شفاء للناس۔

## عمل حاضرات

تحریر: مجیب علی نقوی
ریلوے روڈ (رحیم یار خان)

حاضرات کے یوں تو بہت سے عمل ہیں لیکن بہت کم ایسی حاضرات ہیں جو کہ درست بتاتی ہیں۔ ایک بڑا نگینہ عقیق سیاہ لیں اور خوبصورت انگوٹھی میں جڑوالیں۔ اس نگینہ کو خوشبو سے معطر کریں تنہائی میں بیٹھ کر 7 یوم تک مکمل یکسوئی کے ساتھ اسمائے موکل **عبدالاحد عبدالصمد عبدالله** 700 بار پڑھیں 29 بار **الحمد شریف** کا ورد کریں۔ روزانہ درج بالا طریقہ سے عمل کر کے نگینہ پر پھونک دیں۔ آخری دن شیرینی پر محمدؐ و آل محمدؐ کی نیاز دیں۔ عمل مکمل ہوا۔

جب بھی حاضرات کرنی ہو 7 بار اسمائے موکل مع الحمد شریف پڑھ کر بالغ یا نابالغ بچہ پر پھونک دیں۔ جلد ہی حاضرات کا نزول ہوگا اگر دو چار بار پھونکنے سے بچے پر حاضرات نہ ہو تو معمول تبدیل کر دیں۔ اول آخر درود ابراہیمؑ 5 بار لازمی پڑھیں۔ ایسی مضبوط حاضرات ہر قسم کی معلومات فراہم کرتی ہے۔ نگینہ کو ناپاک جگہ پر نہ لے کر جائیں بہتر ہے کہ ایک خوبصورت ڈبیہ میں بہت اہتمام اور باادب طریقہ سے اوپر نیچے روئی رکھ کر خوشبو سے معطر کر کے محفوظ کر لیں۔ جب بھی حاضرات کرنا مقصود ہو تو باوضو ہو کر حاضرات کریں۔

# عظمت قرآن

تحریر
الطاف حسین کپور
قلعہ دیدار سنگھ
ضلع گوجرانوالہ
055-4710642
0300-6420837

معزز قارئین! قرآن معظم ایک مکمل ضابطہ حیات ہے اور اس میں ہر خشک وتر ماضی حال مستقبل، ہر مرض اول سے لیکر آخر تک کا بیان موجود ہے۔

28 حروف پر مشتمل اس پر عظمت گلدستہ کی مثال پوری کائنات میں نہیں ملتی۔

28 حروف کچھ اسطرح ہیں۔ ابجد۔ ہوز۔ حطی۔ کلمن۔ سعفص۔ قرشت۔ ثخذ۔ ظطغ

اب ج د۔ ھ وز۔ ح ط ی۔ ک ل م ن۔ س ع ف ص۔ ق ر ش ت۔ ث خ ذ۔ ظ ض غ۔

ان ہر حروف کے اندران گنت راز ہیں اور ہر راز انسان کے فائدہ کیلئے ہے۔ اگر انسان قرآن کریم سے مدد حاصل کر کے کام کرے تو کبھی نقصان نہ ہو آپ کے فائدہ اور سہولت کیلئے میں نے الف سے لیکر والناس کی سین تک پارہ نمبر سورۃ مبارکہ۔ حروف اور ان کے اعداد آیات وکلمہ تحریر کئے ہیں اگر آپ تھوڑا سا ذہن پر زور دے کر قرآنی نسخوں سے علم الجفر کے قائدہ قانون کے مطابق عمل کر کے زبردست فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔

خدانخواستہ اگر آپ کسی نحوست کا شکار ہیں۔ ہر کام میں رکاوٹ، قدم قدم ناکامی، ایسی بیماری جس کا علاج کروا کروا کر تنگ آچکے شفا نہ ہوتی ہو، گھر میں بند بکسوں کے اندر پڑے ہوئے کپڑے کٹ جاتے ہوں، نوجوان بہو بیٹی کے بالوں کی لٹ کٹ جاتی ہو گھر میں خون یا پانی کے چھینٹے پڑتے ہوں، راہ چلتے ایسا لگے جیسے کوئی اور بھی ساتھ ساتھ چل رہا ہے۔ بیٹھے ہوئے محسوس ہو کہ کوئی گزرا ہے مگر نظر کچھ نہ آئے، ڈر خوف برے برے خواب خیال وغیرہ جب ایسی صورت بن جائے تو سمجھ لو کہ کچھ گڑ بڑی ہوئی مخلوقات کی ہے۔

تو آپ کو چاہئے کہ فوری طور پر کسی ماہر روحانیات سے رجوع کریں جب ماہر کے پاس جائیں تو اس کو صرف یہ کہیں کہ میرا گردش سیارگان کے ذریعہ پتہ لگائیں۔ کہ مجھ پر کوئی بد اثرات تو نہیں اگر وہ آپ کو آپ پر جاری علامات بتائے تو پھر اس سے اپنا علاج کرائیں جس دن وہ عامل آپ کا علاج شروع کریں تو موقع پر ہی اس کے اثرات ظاہر ہونگے یا آپ اپنا علاج خود کریں۔ شفا ہوگی۔

یہاں پر ایک عمل انتہائی آسان زبان میں تحریر کرتا ہوں۔ اگر آپ نے وقت پرہیز کا خیال کر کے پاکیزگی طہارت طریقت کو اپنا کر کیا تو فیض یاب ہونگے میں نے یہ عمل اسلام آباد، کوٹلی، آزاد کشمیر، بلیک برن انگلینڈ، واٹر فورڈ آئیرلینڈ میں بیسیوں مریضوں پر کیا بحکم خدا شفا ہوئی۔

اگر آپ کو جن ستاتا ہے، آسیب کی وجہ سے پریشان ہیں، گھر میں خون کے چھینٹے پڑتے ہیں یا دیگر ایسی علامات ہیں تو پھر یہ عمل کریں۔

**عمل** ۔ جس پر یہ علامات ہیں اس کو طہارت کروا کر پاکیزہ لباس خود بھی زیب تن کروائیں عطر کی خوشبو لگائیں اگربتی روشن کریں دن بدھ یا اتوار۔ اگر بدھ کو کرنا ہے تو عطارد کی سعد گردش میں اگر اتوار کو کرنا ہو تو شمس کی سعد گردش میں کریں۔ سب سے پہلے مصلہ بچھائیں اور دو رکعت نماز حاجت برائے دفع جن آسیب بھوت پریت کی نیت سے ادا کریں۔ پھر آیۃ الکرسی باسم الٰہی تین بار پڑھ کر چھری یا چھڑی پر دم کر کے حصار کھینچیں اور مریض کو حصار کے اندر بٹھائیں اور پھر تین بار پڑھ کر مریض پر دم کریں اب عمل پڑھنا شروع کریں مریض حصار سے باہر نکلنے کی کوشش کریگا اس کو ہرگز ہرگز حصار سے باہر نہ جانے دیں۔ یہاں آپ کسی طاقتور ایک دو بندوں سے مدد بھی لے سکتے ہیں تاکہ مریض حصار کے اندر رہے پڑھائی مسلسل کرتے جائیں۔ اسی دوران جن یا جو بھی ہے حاضر ہوگا اور سوال کریگا تو آپ پکا قول قرار کر کے اس کو فارغ کریں۔ اور مریض کو اٹھالیں اس کے گلے میں لوح مبارکہ حرز سلیمانی ڈال دیں لوح آگے تحریر کرونگا۔

مریض پر پڑھنے والا عمل یہ ہے اول 100 بار یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ پھر پڑھیں لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَفَكَّرُوْنَ اَللّٰھُمَّ اشْغِفْ مَنْ لَهُ الْبَلَاءُ عَلٰی صَاحِبِهٖ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا کھلا کھلا کھلا ارحم ارحم ترحم ترحم عقدتم عقدتم فرقیس فرقیس العجل العجل یہ ایک بار ہوا۔ گیارہ بار پڑھ کر مریض کے سر سے پاؤں تک پھونک ماریں پھر گیارہ بار پھر گیارہ بار یعنی کل 33 بار پڑھیں مریض پر دھیان رکھیں حصار سے باہر نہ جائے بعد میں 100 بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ پڑھیں۔

(نوٹ)

اگر جن آسیب بھوت وغیرہ حاضر نہ تو دوبارہ عمل پڑھیں انشاء اللہ حاضر ہوگا۔

اس سے پکا قول قرار لیں۔ اور اس کو جانے کی اجازت دیں۔

اب ہم لوح مبارک کہ طرف آتے ہیں یہ لوح آپ نے نیک ساعتوں میں پہلے تیار کرنی ہے۔ جونہی مریض پر عمل پڑھ لیں تو فوری طور پر اس کے گلے میں ڈال دیں۔ بڑا گوشت فوتیدگی والے گھر جہاں بچہ پیدا ہوا ہو اس گھر مریض قطعی نہ جائے۔

لوح مبارکہ یہ ہے

بحق یا حی یاقیوم

| | | |
|---|---|---|
| ٦٠٣٤ | ٦٠٢٦ | ٦٠٣١ |
| ٦٠٢٨ | ٦٠٣٠ | ٦٠٣٣ |
| ٦٠٢٩ | ٦٠٣٥ | ٦٠٢٧ |

یا حی یاقیوم

لوح کا حسب توفیق صدقہ اور موکلات کی نیاز دے مریض کے گلے ڈالیں اگر کسی جزء کی سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافہ یا فون کر کے آگاہی حاصل کریں جو جو فائدہ اٹھالے وہ ادارہ اور میرے لئے صحت سلامتی کی دعا کرے۔

## چہرے کی خوبصورتی

تحریر: ظل زہرا گلبرگ 1 (لاہور)

وہ لوگ جن کے پر بدنما داغ ہوں یا رنگت سیاہ ہو اور ایسے بھی لوگ جن کا چہرہ خوبصورت نہ ہو۔ ایک بہت آسان عمل کے ذریعے اپنی خوبصورتی میں اضافہ کر سکتے ہیں سفید مصری اور عرق گلاب پر **یا نور یا جمیل یا جمال یا حیی یا قیوم** کا ورد روزانہ 4000 بار کریں اور ان اشیاء پر پھونک دیں مدت عمل 7 یوم ہے۔ نہار منہ تھوڑی سی مصری کھا لیا کریں اور منہ دھونے کے بعد عرق گلاب لگائیں۔ بلا ناغہ یہ عمل کرنے سے 40 یوم میں چہرہ گلاب کی طرح ہو جائیگا۔ رنگت گلابی ہو جاتی ہے۔ چہرہ کی جلد چمکدار اور سفید ہو جاتی ہے۔ انگلیوں کی پور سے چہرہ پر عرق گلاب دائروں کی شکل میں گھماتے ہوئے لگائیں۔ اس دوران بلا تعداد مذکورہ بالا اسمائے حسنی کا ورد بھی کرتے جائیں۔ چند ہی روز میں نمایاں نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

## برائے حاجت

تحریر: آغا زاہد علی شاہ حیدری نجفی' کالج روڈ راولپنڈی 0300-5241049

ذیل کا عمل کسی بھی حاجت کو برلانے کیلئے ہے عموماً پریشان افراد جو کہ مالی تنگی کا شکار ہوں یا بیٹیوں کے رشتوں کی وجہ سے پریشان ہو۔ بیوی غالب ہو تو شوہر مغلوب ہو' کاروبار بند ہو یا جادو سحر بد کے اثرات ہوں' اولاد نافرمان ہو یا بے اولادی ہو' جسمانی و روحانی صحت نہ ہو' نیند میں چونک کر یا ڈر کر اُٹھ جاتے ہوں یا کسی بھی قسم کا استخارہ کرنے چاہتے ہوں یا کوئی بھی ایسی خواہش مثلاً محبت کی شادی یا انعامی چانس یا لڑائی جھگڑے کا خاتمہ، جسمانی و روحانی خوبصورتی' چہرہ کو چمکدار بنانا' دشمنوں پر غالب آنے کیلئے عمل کو لاجواب پایا گیا ہے لیکن شرط یہ ہے کہ مکمل یقین اور اعتماد کے ساتھ عمل کو کریں۔

نوچندی اتوار کو روزہ رکھیں۔ افطاری سے قبل غسل کرے اور خوشبو لگائیں جس کمرہ میں افطاری کا اہتمام کریں اُس میں لوبان اور گوگل کی دھونی دے دیں۔ افطاری پر جو بھی مہیا ہو خصوصاً کھیر پر نیاز امام حسینؑ کی دیں۔ پنجتن پاک کے وسیلہ وصدقہ سے دعا مانگیں اگر افطاری کا سامان زیادہ رکھ لیا جائے تو بہت خوب ہوتا ہے باقی ماندہ سامان بچوں میں تقسیم کر دیں۔ بعد ادائیگی نماز مغربین اسی جگہ پر بیٹھ کر 1000 بار **یا حیی یا قیوم** کا ورد کریں اور حاجت بحضور امام حسینؑ پیش کریں۔ دوسرے دن درج بالا طریقہ سے عمل کرتے ہوئے بعد نماز مغربین 1000 بار **ایاک نعبد و ایاک نستعین** کا ورد کریں۔ تیسرے روز **سبحان اللہ و الحمد للہ** چوتھے روز 1000 بار **یا رحمن** پانچویں روز درج بالا طریقہ پر عمل کرتے ہوئے 1000 بار **یا غفور یا رحیم** کا ورد کریں۔ چھٹے روز **یا ذوالجلال و الاکرام 1000** بار ورد کرے۔

اس تمام عرصہ میں دوران وظیفہ چراغ کی روشنی ہی رکھیں۔ انشاءاللہ اسی دوران ایک بزرگ حاضر ہونگے اور ہمکلام ہو کر حاجت پوچھتے ہیں۔ بہت مودب طریقہ سے ان بزرگ کو اپنی حاجت بیان کریں۔ چند ہی لمحوں بعد وہ بزرگ غائب ہو جائیں گے اور جس قسم کی بھی حاجت ہوگی جلد ہی پوری ہو جاتی ہے۔ وہ لوگ جن کی روحانی قوت کمزور ہے یا کسی کامل استاد کی زیر نگرانی نہیں ہیں اُنہیں چاہیے کہ درج بالا عمل کو کرنے سے قبل بند کمرہ میں سوا لاکھ بار **یا علی یا علیم یا عظیم** کا ورد کرے۔ یہ تعداد 11 روز میں مکمل ہونی چاہیے اس کے بعد درج بالا عمل کر سکتے ہیں۔ کمزور روحانی قوت کے حامل افراد کو میری جانب سے عمل کی مکمل اجازت ہے۔ مولا کریمؑ اہل بیتؑ کے صدقہ طفیل تمام کی حاجتیں پوری کرے۔

# کرشمات حاضرات

تحریر:۔ رانا ناصر علی
گلی افضل اعوان
محلہ غازی آباد
نزد سول ہسپتال گوجرہ
روڈ جھنگ صدر
03447500856

قارئین جعفریہ جنتری کی دوسری اشاعت پر تمام مومنین کو مبارک باد پیش کرتا ہوں مجھے سو فیصد پورا یقین ہے کہ عنقریب یہ جنتری صدقہ آئمہ معصومین اطہار دیگر دوسری تمام جنتریوں پر سبقت لے جائے گی انشاء اللہ محترم قارئین کرام اس دفعہ آپ کی خدمت میں ایک حاضرات کا منفرد عمل پیش کرونگا جو مجرب المجرب و مستند ہے۔ قارئین کرام کو ایک بات سے آگاہ کرنا چاہتا ہوں کہ حاضرات الارواح اور تسخیر الارواح میں کچھ فرق ہے حاضرات الارواح میں عامل عمل پڑھ کر معمول پر دم کرتا ہے معمول اپنے ناخن یا ہتھیلی میں دیکھتا رہتا ہے بعض حاضرات کے اعمال میں معمول کو آئینہ دیا جاتا ہے یا پھر کسی شیشے کی پلیٹ پر سیاہی لگا کر یا پھر بیضہ مرغ پر سیاہی لگا کر اور پر خوشبودار روغن لگا کر چمک اور مقناطیسی قوت پیدا کر لی جاتی ہے۔ پس سامنے والی چیز میں ارواح کا نزول ہوتا ہے۔ پھر عامل اپنے معمول کے ذریعے مختلف امور معلوم کرتا ہے مختلف خبریں حاصل کرتا ہے ہر حاضرات عمل کا اپنا طریقہ ہوتا ہے کچھ حاضرات کو عامل معمول کے بغیر سرانجام دیتا ہے۔ جس کا آپ خود مشاہدہ کر سکتے ہیں اور حاضرات کی ارواح سے اپنے دنیاوی امور میں معاونت حاصل کر سکتے ہیں ایسی حاضرات وجودی کہلاتی ہے ایسا ہی ایک حاضرات کا عمل قارئین کی خدمت میں پیش کرنے جا رہا ہوں جو میرا صدری راز تھا۔ اور برسوں سے میرے معمول میں رہا ہے اس حاضرات کو اپنے عمل میں لانے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے ایک چورس نئے شیشے کا انتظام کریں اور پھر نوچندی جمعرات سے حاضرات کو سرانجام دیں شیشے کو اپنے سامنے کی دیوار میں اس طرح لٹکائیں کہ آپ جب بیٹھیں تو اس میں آپ کا چہرہ اور گردن بخوبی نظر آ سکے پھر گوگل ندل سرخ اور لوبان کا بخور روشن کریں۔ دو رکعت نماز حاجات پڑھیں ہر رکعت میں سورۃ کوثر 21 دفعہ پڑھیں نماز سے فارغ ہو کر شیشے پر نظر رکھ کر مندرجہ ذیل عمل ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھیں اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں سات دن تک بلاناغہ اسی ترتیب سے عمل پڑھیں ساتویں دن کے بعد آپ اس کے عامل ہو جائیں گے اس کے بعد روزانہ گیارہ مرتبہ عمل کو ورد میں رکھیں تا کہ عمل کی زکاۃ برقرار رہے اس کے بعد جب بھی کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو شیشے کو اپنے سامنے رکھ کر عمل کو پوری یکسوئی سے ایک سو گیارہ مرتبہ شیشے پر نظر رکھ کر پڑھیں کچھ ہی دیر بعد شیشے میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا جسے آپ اپنے دنیاوی امور میں معاونت حاصل کر سکتے ہیں۔ ہر سوال کا سو فیصد درست جواب ملے گا شیشے کو سبز کپڑے میں لپیٹ کر بحفاظت رکھا کریں۔ بہت ہی نایاب حاضرات عمل ہے بس اتنا کہنا چاہوں گا اس حاضرات عمل کو کرنے سے پہلے محترم ماہر روحانیات شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری سے اجازت ضرور لیں کیونکہ بغیر اجازت کرنے سے رجعت کا اندیشہ ہے اور محنت اور وقت علیحدہ ضائع ہوگا لہٰذا اجازت ضرور لیں اور جناب شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری اور میرے حق میں دعائے خیر ضرور کریں۔

**عمل یہ ہے:**

يَا كَافِي الْمُوسِعُ لِمَا خَلَقَ مِنْ عَطَا يَا فَضْلِهٖ بِحَقِّ شَبْقَرِني وَبِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

## دفع امراض شکم

تحریر:۔ حسنین رضا کاظمی (ملتان)

بہت سے ایسے لوگ ملتے ہیں جو کہ پیٹ کے مختلف امراض میں مبتلا ہوتے ہیں۔ کسی کو غذا ہضم نہیں ہوتی تو کسی کے منہ کا ذائقہ درست نہیں رہتا۔ کبھی کسی کے سینہ میں جلن ہوتی ہے تو کبھی کوئی دوست بتاتا ہے کہ اُس کو بھوک ہی نہیں لگتی۔ یہی وجہ ہے کہ قبض اور دیگر موذی بیماریاں اچھے خاصے صحت مند انسان کو مریض بنا دیتی ہیں اس میں کچھ قصور ہمارا اپنا بھی ہے کہ ہم اپنے پیٹ یعنی معدہ کا بالکل خیال نہیں رکھتے کوشش کرتے ہیں کہ جو سامنے آئے پیٹ میں ڈال لیں اور جو نہ کھایا جائے اسے پیٹ سے باندھ دیں۔ یہی وجہ ہمارے معدہ کو تباہ و برباد کر دیتی ہے۔

قارئین جعفریہ جنتری سے عرض کرونگا کہ اگر اعتدال میں رکھ کر کھانا کھایا جائے اور دوران کھانا کم سے کم پانی کا استعمال کیا جائے بہتر ہے کہ نیم گرم پانی ہو۔ کھانے کے بعد کچھ سونف اچھی طرح چبا کر کھالیں تو پیٹ کے جملہ امراض ختم ہونگے لیکن یاد رہے کہ سونف کی کچھ مقدار توے پر اس قدر بھونی جائے کہ وہ براؤن شکل اختیار کر لے۔ کھانے کے دوران پانی نہ پئیں اور اس وقت مظلوم کربلا کی پیاس کا خیال رکھیں تو تمام غذا دوا بن جائیگی۔ کبھی بھی بیمار نہ ہونگے۔

# ایسا کیوں ہوتا ہے؟

تحریر
عامل سحر کاظمی
98 جے ماڈل ٹاؤن لاہور
0300-9491015

## ایک روحانی مسئلہ

بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ چلتا ہوا کاروبار آہستہ آہستہ کم ہونا شروع ہو جاتا ہے اور آخر کار نقصان ہونا شروع ہو جاتا ہے یا اس میں وہ بات نہیں رہتی جو پہلے ہوتی تھی۔ اس طرح اور مسئلے میں بھی مثلاً شادی کے بعد ابتدائی ایام میں میاں بیوی میں باہم اتفاق رہتا تھا محبت پیار تھا تاہم آہستہ آہستہ حالات پہلے جیسے نہ رہے۔ شوہر اکثر ناراض رہنے لگا بعد میں پتا چلا شوہر دوسری شادی کر رہا ہے۔ یا اکثر دیکھا گیا ہے لڑکیوں کی شادی کے سلسلے میں رشتے تو آتے رہے لیکن شادی کی بات نہ بن سکی پھر آہستہ آہستہ رشتے آنا بند ہو گئے۔ اسی طرح طالب علم کا بھی مسئلہ نظر آیا امتحان کے دنوں میں پریشانی نظر آئی جو یاد تھا بھول گئے گیا گھر والوں نے سوچنا شروع کر دیا کسی نے کچھ کروا دیا۔ ایسے بے شمار اور بہت سے مسائل ہیں جن کا جواب میرے نزدیک یہی ہے کہ ان میں سے کافی مسائل ہمارے اپنے پیدا کردہ ہوتے ہیں لیکن ہم اس کو تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتے ہمیں غور کرنا چاہئے کہ کہیں ہماری وجہ سے تو مسائل پیدا نہیں ہو رہے۔ میرا تجربہ ہے 50% مسائل ہمارے اپنے پیدا کردہ ہوتے ہیں وہ ہمیں نظر نہیں آتے۔ اگر تھوڑا سا غور کر لیں کہ کاروبار پہلے تھا اب کیوں نہیں میاں بیوی میں محبت کی کمی کیوں ہے گھر میں وہ برکت کیوں نہیں رہی وغیرہ وغیرہ تو 50% مسائل خود ختم ہو سکتے ہیں باقی روحانی طور پر جو مسائل درپیش ہیں ان کو خود امام کے فرمان کی روشنی خود حل کریں۔

**پیار محبت** بہن بھائی کی ناراضگی، میاں بیوی کی ناراضگی یا کسی سے بھی ناراضگی ہے۔ تو بوقت تہجد یا فجر میں کوئی ایک وقت جو آپ کو آسان لگے اس میں یا ودود کی گیارہ تسبیح اول آخر سات مرتبہ درود شریف کے پڑھیں اور تصور کر کے جو ناراض ہیں ان پر دم کر دیا کریں۔ 40 دن کے بعد ناراضگی ختم ہو جائے گی اور الفت اور پیار پیدا ہو جائے گا اگر عورتوں کو شکایت ہو کہ ان کا شوہر جھگڑالو ہے، گالیاں دیتا ہے خرچہ نہیں دیتا تو ایسی شکایتوں کے حل کے لئے **یا اللہ یا رحمن یا رحیم یا واسع** کو پانچ سو مرتبہ پڑھ کر دعا مانگ لیا کریں انشاء شوہر راہ راست پر آجائے گا۔

## تنگی معاش کاروبار' قرض کی ادائیگی

ایسی صورت میں بعد از نماز فجر اول و آخر 7 مرتبہ درود شریف کے گیارہ سو مرتبہ **یا باسط** کا ورد کریں اس عمل میں ناغہ نہ ہونے دیں۔ بعد از اپنی مشکل کے حل کے لئے اللہ سے دعا کریں امام جعفرؑ صادق نے فرمایا۔'' اپنے رزق کی وسعت کیلئے روزانہ **ماشاء اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ** 100 مرتبہ پڑھ لیا کریں ایک دوسری جگہ فرمایا۔ **یاقوی یاغنی یا علی یا وفی** 100 مرتبہ پڑھ لیا کریں اور گھر سے نکلتے وقت 3 مرتبہ اعوذ باللہ 3 مرتبہ بسم اللہ 3 مرتبہ سورۃ الحمد پڑھ لیا جائے اور واپسی گھر آنے پر سلام کرنا چاہئے۔ امام محمد باقرؑ نے فرمایا روزانہ **یا ھو یامن لاھو الا ھو** 100 مرتبہ پڑھنے سے رزق زیادہ قرض کی ادائیگی ہو جاتی ہے۔ جمعرات کی صبح یہ نقش لکھ کر پاس رکھیں یا دوکان پر لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۱ |
| ۲ | ۵ | ۷ |
| ۸ | یاوھاب | ۶ |

ایسے خاندان جن کا کمانے والا ایک ہی فرد ہو اور کھانے والے زیادہ ہوں حالات درست نہ ہو تو ہر نماز کے بعد مصلے پر ہی بیٹھ کر ایک تسبیح **یا واسع** کی پڑھ لیا کریں۔ اور اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں یا چاندی پر کندہ کروا کر رکھیں۔

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم
یاجبار یا متکبر یامصور یاسمیع
یاحفیظ یارقیب یامجیب یاواسع
بسم اللہ الرحمن الرحیم
اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم

بعض اوقات انسان ایک کے بعد دوسرے مسئلے میں پھنستا چلا جاتا ہے یا یوں سمجھ لیں ایک کے بعد ایک پریشانی آتی ہے جس سے نکلنے کا راستہ نظر نہیں آتا۔ ایک بے سکونی کا شکار ہو جاتا ہے اس طرح کے مسائل کے حل کے لئے بعد از فجر اور عشاء پانچ تسبیح **یا اللہ یا رحمن یا رحیم** کی پڑھیں انشاء اللہ ذہن کو سکون ملے گا اور مسئلے بھی خود بہ خود حل ہو جائیں گے۔

## حسن / خوبصورتی

یہ مسئلہ بھی عام ہوتا چلا آ رہا ہے بعض اوقات چہرے پر داغ دھبے کالے نشان یا چھوٹی چھوٹی پھنسیاں وغیرہ بن جاتی ہیں ایسی صورت میں لڑکیاں پریشانی کا شکار ہو جاتی ہیں اس مسئلے کے حل کے لئے صرف یہ ہے کہ جو بھی کریم استعمال کر رہے ہیں یا دوائی کھا رہے ہیں اس پر استعمال کرتے وقت 1100 بار **یا سلام** پڑھ کر دم کر دیا کریں ساتھ ساتھ **بسم اللہ الرحمن الرحیم** پڑھ کر ہاتھ پر دم کر لیں اور وہ ہاتھ چہرے پر پھیر لیا کریں۔

## امتحان کی گھبراہٹ

عموماً طالب علموں کو امتحان کے دنوں میں عجیب گھبراہٹ اور پریشانی ہوتی ہے جس کی زیادہ تر وجہ یہ ہوتی ہے کہ انہوں نے پورے سال تیاری نہیں کی ہوتی۔ امتحان کے قریب آنے کے وقت گھبراہٹ کا شکار ہو جاتے ہیں اور جو سوال بھی یاد تھے اب بھولے ہوتے ہیں۔ ایسے بچوں کو چاہئے فجر اور عشاء کے وقت روزانہ ایک تسبیح **یا قیوم یا حافظ** کی پڑھ لیا کریں اور ذکر کے بعد اپنے مقاصد کے حوالے سے دعا مانگ لیا کریں۔ انشاء اللہ امتحان میں کامیاب ہونگے اور جو بھی آپکی جسمانی شکایت ہوگی وہ بھی دور ہو جائے گی اس کے علاوہ اگر سبق بھول جاتے ہیں تو سورۃ الفاتحہ کو سات مرتبہ روزانہ پانی پر دم کر کے پی لیا کریں یہ عمل کم از کم تین ماہ کرنا ہے انشاء اللہ سبق کبھی نہیں بھولیں گے۔

## ارواح نیک جنات کو ثواب

قارئین جعفریہ جنتری! انسانوں کی ارواح کو ثواب پہنچانا ایک عام سی بات ہے لیکن بعض ایسے بھی نیک جنات گزرے ہیں جنہوں نے ہمیشہ حقیقت کا ساتھ دیا اور حقیقت کو سلام کیا میری مراد اُن ارواح جنات سے ہے جنہوں نے میدان کربلا میں وقت خاص پر آہ و گریہ زاری کی۔ ایسے تمام جنات کی ارواح کو ثواب پہنچانے کیلئے بروز منگل 14 عدد گوشت کے ٹکڑوں کا اہتمام کریں۔ ان ٹکڑوں پر نیاز امام حسینؑ کی دیں اور دعا کریں کہ مولا کریم وہ تمام جنات جو کہ ہر خاص لحہ تیرے نیک بندوں کے ساتھ رہے ان کو پہنچے۔ اس طریقہ میں مانگی گئی دعا اور ہر مراد جلد پوری ہوتی ہے۔

# احضار الارواح

تحریر غلام قادر بلوچ (کراچی)

مکان نمبر 680 گلی نمبر 3/26D ایریا بلدیہ ٹاؤن سعید آباد 0333-2248736

یَارَبَّ جبرائیل و میکائیل والملائکۃ والخلق اجمعین اھیاً شراھیاً اھیاً ھاھیاً نماھیاً ادونایی احبائوت آل شدایی احضری یاعاینۃ یابنتِ ابلیس المحبتی وَ مودتی وَقضاءِ حاجتی اسرع من البرق بحق ایل آہ ایل آہ ایل آہ یاہ یاہ یاہ انوخ انوخ انوخ داعوجَ فیعوجَ ماعوجَ وَبحق انوخ کنوخ کھوفِ اعجاج صیاحِ الوحا العجل الساعۃ۔

## ترکیب عمل

عروج ماہ نوچندی اتوار سے اس عمل کا آغاز کیا جائے اور رضائے الٰہی کی خاطر سات یوم روزہ رکھے۔ دورانِ چلہ کشی صلوٰۃ وصوم کی پابندی لازمی ہے۔ خلوت اختیار کریں کیونکہ گوشہ نشینی مکمل طور پر کرنے سے عمل کو تقویت ملتی ہے دورانِ چلہ پرہیز جلالی و جمالی رکھیں اور چلہ کشی کے تمام شرائط و آداب کو ملحوظِ خاطر رکھیں۔ وظیفہ خوانی کی جگہ الگ حجرہ ہو جہاں لوگوں کی آمد و رفت نہ ہوں۔ عمل باوضو قبلہ رخ ہو کر کرنا ہے۔ اور عمل بعد نماز عشاء کیا جائے۔ آپ اپنی سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی پر لکھیں "اھیاً شراھیاً ادونای' اصبائوت آل شدای احضری یا عاینۃ یا بنت ابلیس"۔

بخور لوبان ذکر و جاوی سلگائیں اور اپنے ہاتھ کو خوب دھونی دو پھر آپ عبارتِ عمل کو (136 ☆ بار پڑھیں اور اول و آخر 11-11 بار درود شریف پڑھیں۔ پڑھائی مکمل کر کے آپ اپنے ہاتھ کو سر کے نیچے رکھ کر سو جائیں نصف شب ایک حسین و جمیل عورت آکر بیدار کرے گی اور راز و نیاز کی باتیں کرے گی اور عامل کو لالچ بھی دے گی پس وہ چیزیں قبول نہ کرے اور اس سے کہے میں آپ سے فقط یہ عہد چاہتا ہوں بوقت ضرورت حاضر ہو کر میری حاجت پوری کرو اور حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام کی قسم کے ساتھ اس سے وعدہ و عہد لیں اور کوئی ایسی شرط تسلیم نہ کرے جس سے آپ کو پریشانی نہ ہو لہذا سوچ سمجھ کر شرائط طے کریں اور اس سے نشانی طلب کر کے شکریہ کے ساتھ رخصت کر دیں محبت' عداوت' تسخیر احکام سب کام کرے گی۔ فقط مال و دولت طلب نہ کریں۔

# اعجاز القرآن

تحریر
علی اکبر
پشاور



قارئین کرام! جب سے میرے مضامین جنتریوں میں شائع ہونے شروع ہوئے ہیں تو اللہ نے مجھے شہرت دی ہے جس کا میں تصور بھی نہیں کر سکا تھا۔ چونکہ میں نے لکھنے کا نیا اور آسان اسلوب اپنایا ہے ہر پڑھنے والا آسانی سے سمجھ سکتا ہے عمل کر سکتا ہے۔ میری یہی کوشش ہے کہ ایسے اعمال لکھوں تاکہ پڑھنے والوں کی تکالیف پریشانیوں کا مداوا ہو سکے لیکن اس کے باوجود پڑھنے والوں کے خطوط کی تعداد بڑھتی جا رہی ہے ہر بشر کسی نہ کسی پریشانی بیماریوں میں مبتلا ہے۔ حالانکہ بنی نوح انسان کیلئے قرآن پاک مشعل راہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ ہر باشعور انسان سمجھ رکھنے کے باوجود کہ قرآن پاک میں تمام مسائل کا حل موجود ہے ہر بیماری کا علاج ہے۔ ہر پریشانی دور ہونے کے اعمال ہیں پھر بھی قرآن پاک سے استفادہ حاصل نہیں کر پاتے آمدام برسر مقصد آج تک جس قدر مجھے خطوط یا فون موصول ہوئے ہیں ان میں سے زیادہ تر تنگدستی پریشانی میں مبتلا احباب کے فون خطوط موصول ہوئے ہیں۔

اسی سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے ایک عمل لکھ رہا ہوں یہ عمل ایک دعا کی شکل میں ہے جب حضرت یوسف علیہ السلام ناکردہ گناہ کے پاداش میں زندان میں ڈالے گئے۔ 7 برس تک زندان میں قید رہے تو اس وقت جبرائیل علیہ السلام نے پروردگار عالم کے حکم سے یہ دعا حضرت یوسف علیہ السلام کو تعلیم فرمائی۔ دنیا گواہ ہے قرآنِ پاک گواہ ہے پھر ان کو وہ عزت، شہرت، دولت ملی کہ تمام عالم انگشت بہ دندان ہوا لیکن یہاں تو یہ مصیبت ہے جس کسی مصیبت زدہ پریشان حال شخص کو پڑھنے کیلئے کچھ عمل دو پہلے پوچھتا ہے کتنے دن پڑھنا ہے؟ مطلوبہ دن سے ایک دن بھی زیادہ پڑھنا گوارا نہیں کرتا۔ پھر کہتا پھرتا رہتا ہے میں نے فلاں عمل کیا چلہ کیا کچھ نہیں ہوا۔ یہ سب بکواس ہے آزردہ ہو جاتا ہے یہ نہیں سوچتا اللہ کا کلام ہے پڑھنا ہمارا کام۔ مانگنا ہمارا کام دینا نہ دینا اس کا کام یہ اسکی مرضی پر منحصر ہے کب دیتا ہے حضرت یوسف علیہ السلام 7 برس تک زندان میں رہے خدا کا ارسال کردہ کلام ہر نماز کے بعد پڑھتے رہے کیونکہ حکم الٰہی تھا۔ 7 برس کے بعد ان کی پریشانیاں دور ہوئیں ہم تو ٹھہرے ہی بے صبرے ناشکرے انسان جلد باز عمل اب ذرا غور سے پڑھیں عمل کریں۔ رضاء الٰہی کے منتظر رہیں۔

بسم اللّٰہِ الرّحمٰن الرحیم
اَلّٰلھم اَجعَل لی فَرجاً وَمُخرجاً وَ اَرزقُنی مِن حَیثُ اَحتسِبَ وَمِن حَیثُ لَا اَحتسِب۔ (فراوانی رزق و پریشانیاں دور کرنے کیلئے پڑھنا کیسا ہے)۔

ترجمہ: ۔ یا اللہ میرے لئے کشائش کر اس بلا سے تکلیف سے پریشانی سے نکالنے کا راستہ قرار دے رزق وہاں سے پہنچا جہاں سے گمان نہ ہو۔

آیئے از روعلم جفر اس دعا کے پڑھنے کے متعلق سوال کرتے ہیں۔

طریقہ کار ملاحظہ فرمائیں۔ مندرجہ بالا کلام پاک و فراوانی رزق و پریشانیاں دور کرنے کیلئے پڑھنا کیسا ہے الگ الگ حروف کر کے لکھیں ہر چوتھا لفظ لیتے جائیں پھر بسط حرفی کریں۔ مثلاً

ا ل ل ھ م ا ج ع ل ل ی ف ر ج ا و م خ ر ج ا و ا ر ز ق ن ی م ن ح ی ث ا ح ت س ب و م ن ح ی ث ل ا ا ح ت س ب ف ر ا و ا ن ی ر ز ق و ب ر ی ش ا ن ی ا ن د و ر ک ر ن ی ک ی ل ی ب ر ھ ن ا ک ی س ا ھ ی ہر چوتھا لفظ لیا۔ جو مندرجہ ذیل حاصل ہوئے۔

ھ ع ف و ج ر ی ی ت م ش ح ف ا ز ر ن د ر ی ر ک ھ تخلیص سے جو حروف حاصل ہوئے۔

ھ ع ف و ج ر ی ت م ش ح ا ز ن د ک

نظیرہ یا ہمرتبہ: ۔ د و ک ف ر ش ر ا ح ت ۵۰۰ د ا ش ن د ک ۔

جواب: ۔ کہہ۔ شرف۔ راحت۔ ۵۰۰۔ شاد۔ کند

کس قدر واضح جواب آیا۔ اہل دانش۔ پریشان حال لوگوں کے لئے لمحہ فکر ہے۔ یعنی ۵۰۰ بار چاہے ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھے یا پھر بعد از نماز عشاء ۵۰۰ بار پڑھے اور آخر 11-11 بار درود پاک پڑھیں۔

## دفع بندش ہر قسم

بندش اولاد، رزق، صحت، امن، نکاح، شادی، نیند وغیرہ ہر طرح کی بندش کو ختم کرنے کیلئے ایک نہایت آسان عمل بزرگوں سے دستیاب ہوا۔ جو کہ جعفریہ جنتری کی نظر کھلے دل کے ساتھ کر رہا ہوں۔ اُمید ہے کہ جو بھی صاحب اس عمل سے فائدہ اُٹھائیں گے مجھے اور بانی جنتری کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔ یا باسط 12 دن روزانہ 5000 بار پڑھیں۔ خاتمہ بندش ہوگا۔

# دفع امراض

تحریر:۔ڈاکٹر علی نواز 0333-5234125

**عمل:۔** یہ نقش میں نے دنیا کے بہت سے بیمار لوگوں کے لئے لکھا اور الحمد اللہ بہت فائدہ مند ثابت ہوا یہ نقش آپ بیماری، حرام کاری، شراب، چرس خوری سے نفرت کے لئے، عداوت کے لئے، جھوٹ کی عادت چھڑانے کیلئے، حب کے لئے، وسعت رزق کے لئے، برکت مال اور قبولیت دعا کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ بس ستاروں کا استعمال کرنا ہوگا ۔ویسے یہ نقش طالع ثور میں ساعت مشتری میں بدھ کے دن بخور صندل سرخ یا عود لگا کر تنہائی میں لکھیں۔ یہ کاغذ اور کپڑے پر لکھ کر مشروب دھو کر مریض کو روزانہ پلائیں تو الفت قائم رہے گی۔ اور عداوت کے لئے نیلے کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلا دیں رزق کے لئے ساعت مشتری میں لکھیں۔ اور 8 دن مسلسل بعد ظہر تلاوت رکھیں سورۃ المائدہ کی۔ حرام خوری کے لئے چالیس دن روزانہ اس کی تلاوت کریں۔ بعد نماز عشاء۔

یا میکائیل ۷۸۶ یا جبرائیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۱۲۱۳۶ | ۲۱۲۱۳۹ | ۲۱۲۱۳۳ | ۲۱۲۱۲۹ |
| ۲۱۲۱۳۱ | ۲۱۲۱۳۰ | ۲۱۲۱۳۵ | ۲۱۲۱۳۰ |
| ۲۱۲۱۳۱ | ۲۱۲۱۳۴ | ۲۱۲۱۳۷ | ۲۱۲۱۳۴ |
| ۲۱۲۱۳۸ | ۲۱۲۱۳۲ | ۲۱۲۱۳۲ | ۲۱۲۱۳۳ |

یا اسرافیل یا عزرائیل

مرگی، گٹھیا، وجع المفاصل، ناسور، بخار، سر درد جیسے امراض کے لئے ترقی کاروبار زندگی کے لئے الفت اتفاق کے لئے بہترین عمل ہے میرے دادا اور والد اس عمل کے عامل تھے زندگی میں کبھی ناکامی نہیں دیکھی میں بھی پندرہ سال سے یہ عمل کر رہا ہوں بس حروف نورانی تہجی کے عامل ہونے کی دیر ہوتی ہے یہ عمل بارش کی طرح کام کرتا ہے۔ شرف آفتاب میں خواہش کے لئے اتفاق کے لئے مشتری زہرہ میں دم کر کے رکھیں پلائیں طریقہ یہ ہے۔ شمس طالع جدی میں ہو تو ساعت عطارد میں بدھ کے دن بخور مصطگی لگا کر ایلومینیم پر نقش لکھیں۔ اور 41 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں۔ نیاز دیں جس میں 1100 روپے کا اناج ہو کسی غریب کو دے دیں اور کل مسلمانوں کے لئے دعا گو ہیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۳۶۸ | ۲۳۷۳ | ۲۳۶۲ | ۲۳۶۳ |
| ۲۳۶۶ | ۲۳۵۹ | ۲۳۷۲ | ۲۳۶۹ |
| ۲۳۷۱ | ۲۳۷۰ | ۲۳۶۵ | ۲۳۶۰ |
| ۲۳۶۱ | ۲۳۶۳ | ۲۳۶۷ | ۲۳۷۴ |

# عملیات جاویداں

تحریر:۔ میجر مسز کاظمی 0333-6213612

## دفع رجعت کسی بھی طرح کی ہو تو:۔

101 مرتبہ درود شریف یا کریم، الحمد شریف، قل شریف، عبس پڑھ کر اپنے اوپر روزانہ دم کریں 21 دن بعد مشکلات ختم۔

## غیبی اسباب وسائل کے لئے:۔

اللہ الصمد یا عزیز 5 دن مسلسل دس ہزار مرتبہ پڑھیں ہو سکے تو سوا لاکھ مرتبہ پڑھ لیں پھر روزانہ 1000 مرتبہ پڑھ لیا کریں مگر مکمل توجہ یکسوئی کے ساتھ۔

اپنی کسی بھی حاجت کے لئے تنہائی میں بیٹھ کر روزانہ 11 دن تک 5115 مرتبہ الخلائق پڑھ لیں پھر 137 مرتبہ یا واسع پڑھ کر دعا کریں۔

## موٹاپا دور کرنے کیلئے:۔

کندر 3 ماشہ ہر روزانہ 1000 پر یا قابض یا صمد پڑھ کر روزانہ لیں وزن تیزی سے کم ہوگا اور جلد بھی فٹ رہے گی۔

## کمزور لاغر بچوں کو:۔

متھرے، کلونجی ایک ماشہ سفوف پر سورۃ قدر سورۃ یٰسین پڑھ کر روزانہ کھلائیں صحت مند تندرست ہو جائیں گے۔

## جوڑوں کے درد:۔

سبز ہڑ کا سفوف لیں ایک چھوٹی چمچی دو کپ پانی میں ابال کر روزانہ رات کو لیں سفوف کے اوپر سورۃ ابراہیم کی آیت 26 پڑھ لیا کریں 676 مرتبہ چند دن بعد درد غائب ہوگا۔

## نظر کمزور ہو:۔

سائے میں خشک کیکر کی پھلی کا سفوف 3 ماشہ ٹھنڈے پانی سے لیں اس پر سورۃ نور 7 مرتبہ پڑھ کر دم کر لیں اور جب لینے لگیں تو یا نور 300 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

## گھر میں بیماری اداسی پریشانی ہو تو:۔

لوبان، حرمل، صندل، کالا دانہ ہموزن لے کر اس پر اخلاص 100 مرتبہ اور ناس 100 مرتبہ فلق 100 مرتبہ آیت الکرسی 100 دم کر کے بعد مغرب دھونی دیا کریں۔

آخر میں میرے بزرگ سید لعل حسین سید رحمت حسین جھنگی سیداں چٹی ڈھکی کے لیے دعائے مغفرت ضرور کیجئے گا اور ادارہ کے فروغ کے لئے دعا گو ہیں۔ جو سمجھ نہ آئے فون پر معلومات لے لیں۔

# معلومات طب

ڈاکٹر دلشاد احمد
(میاں چنوں)

## دل کا دورہ کیوں پڑتا ھے

ہمارے ملک پاکستان میں دل کے امراض بڑی تیزی سے پھیل رہے ہیں دل کے امراض میں سب سے موذی بیماری دل کا دورہ (Hart attack) ہے۔ آیئے دیکھیں کہ دل کا دورہ (ہارٹ اٹیک) کیوں پڑتا ہے اور اس سے کیسے بچ سکتے ہیں اور اسکا علاج کیا ہے۔

### اسباب

☆ اگر شریانوں میں چربیلا مادہ (کولیسٹرول) جمع ہو جائے تو اسکی وجہ سے دل کا دورہ پڑتا ہے
☆ جب شریانیں کمزور پڑ جائیں تو اچانک ہارٹ اٹیک ہو سکتا ہے
☆ بلڈ Clat یا پھٹکی اور اسکے ساتھ متاثرہ شریان کی اینٹھیں خون کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا کرتی ہے۔ اسطرح ہارٹ اٹیک ہو سکتا ہے
☆ اگر دل کے پٹھے مردہ ہو جائیں تو پھر ہارٹ اٹیک کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔
☆ چربیلے مادے شریانوں میں زیادہ ہو جائیں اور ہارٹ اٹیک کے خطرات بڑھ جاتے ہیں
☆ دل کے والوز کا بند ہو جانا۔

### علامات

سینے اور بازوؤں میں شدید درد ہوتا ہے جب درد محسوس ہو تو مریض معالج کے پاس جاتا ہے اس وقت خون کی شریانیں تقریباً 70% بند ہو چکی ہوتی ہیں۔ اس لیے آجکل غذائیں ناقص ہو چکی ہیں۔ ہر سال کے بعد دل کا معائنہ کروانا چاہیے۔

### علاج

اگر دل کا دورہ کم شدت کا ہو تو پھر دل کے معالج By Pass بائی پاس آپریشن کرتے ہیں۔ اس بائی پاس آپریشن کا خرچہ پانچ لاکھ ہے۔
بندنا چیز نے جڑی بوٹیوں پر جدید تحقیق سے بائی پاس آپریشن سے بچنے کے لیے کورس تیار کیا ہے۔ اس کورس کے استعمال سے دل کی بند شریانیں اور والوز کھل جاتے ہیں اور دل کے بائی پاس آپریشن سے نجات ملتی ہے۔ مریض تندرست ہو جاتا ہے۔

### احتیاطی تدابیر

1. گھی کی بجائے کوکنگ آئل استعمال کریں۔
2. صبح و شام ہلکی پھلکی سیر ضرور کریں۔
3. چربیلی اشیاء اور مرغن غذائیں مت کھائیں۔

## امرود اور ذیابیطس

اگر پیشاب میں شکر کے اخراج ہو رہا ہو تو اسے ذیابیطس شکری کہا جاتا ہے اس کی اہم علامات درج ذیل ہیں۔
☆ پیشاب کثرت سے آنا ☆ بے حد جسمانی کمزوری
☆ پیاس زیادہ لگنا ☆ خون میں گلوکوز کی مقدار کا بڑھنا
☆ پیشاب میں گلوکوز کا خارج ہونا ☆ منہ میں مٹھاس کا ذائقہ محسوس کرنا
☆ منہ خشک ہونا ☆ مزاج میں چڑچڑاپن پیدا ہونا
☆ مسوڑھوں کی سوزش ☆ جسم پر پھنسیاں نکلنا
☆ بھوک کا زیادہ لگنا

ذیابیطس کے مرض میں انسولین بننا بند ہو جاتی ہے یا یہ کم مقدار میں پیدا ہوتی ہے اس لئے خون میں شکر کی مقدار بڑھ جاتی ہے اور پیشاب میں شکر آنا شروع ہو جاتی ہے۔

### اسباب

لبلبہ اہم ہارمون انسولین پیدا کرتا ہے لیکن اس میں خرابی کی وجہ انسولین کی پیدائش ختم ہو جاتی ہے یا کم ہو جاتی ہے تو پھر ذیابیطس شکری کا مرض پیدا ہو جاتا ہے۔ ذیابیطس شکری کا درست علاج یہ ہے کہ بیمار لبلبے کا قدرتی علاج کیا جائے تا کہ یہ موذی مرض جڑ سے ختم ہو جائے۔

### علاج

رب کائنات نے امرود کے درخت میں ذیابیطس شکری کا مستقل علاج پوشیدہ رکھا ہے جدید تحقیق اور مشاہدات سے یہ معلوم ہوا ہے کہ امرود سے خصوصی قہوہ اور دوا تیار ہوئی ہے جو کہ اس خطرناک مرض کا مستقل علاج ہے۔ مریض حضرات امرود سے قہوہ تیار کر کے پئیں اور تیار شدہ دوا تیار استعمال کریں۔

### احتیاطی تدابیر

☆ ہر کھانے کے بعد تین عدد خشک انجیر کھائیں۔ ☆ صبح و شام سیر ضرور کریں ☆ مسواک کا استعمال کریں۔ ☆ پیٹ بھر کر کھانا نہ کھائیں۔ ☆ گھی کی جگہ خوردنی تیل استعمال کریں۔ ☆ کریلے، جامن، امرود، خربوزہ، تربوز بھی بکثرت کھائیں۔ ☆ ہر قسم کی میٹھی اشیاء سے پرہیز ضروری ہے ☆ دیسی مرغی کا گوشت، گوشت بکرا، مولی، گاجر، میتھی، اور ساگ بھی بکثرت استعمال کریں۔ ☆ نماز باقاعدگی سے ادا کریں۔

# روزہ اور ذیابیطس

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو تم پر روزے فرض کیے گئے جیسا کہ تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تا کہ تم تقویٰ اختیار کرو (القرآن)

## قارئین جعفریہ جنتری خاص نوٹ فرمائیں

رمضان المبارک رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے کام اور کھانے پینے کے اوقات کار میں تبدیلی اور مخصوص روایتی کھانوں کا استعمال اس ماہ کی نمایاں خوبی ہے۔

ذیابیطس کی بیماری مسلمانوں سمیت ہر عقیدے کے لوگوں میں پائی جاتی ہے اکثر مسلمان جو شوگر کے مریض ہوتے ہیں۔ رمضان کے روزے رکھنا چاہتے ہیں۔

ذیابیطس کے مریضوں کا پورا پورا حق ہے کہ وہ بھی صحت مند لوگوں کی طرح اس ماہ کے فیوض اور برکات سے بہرہ مند ہوں بشرطیکہ مریض پوری ذمہ داری کے ساتھ اپنی خوراک اور شوگر کو کنٹرول میں رکھے اور اپنے ڈاکٹر صاحب کے ساتھ رابطہ میں رہیں۔

اگر آپ کو ذیابیطس ٹائپ 2 ہے تو اپنے ڈاکٹر صاحب سے مشورے کے بعد غذا اور دواؤں کے شیڈول میں ہدایت کے مطابق ردوبدل کرنے کے بعد باآسانی روزہ رکھ سکتے ہیں

## ذیابیطس کے مریض مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھیں

روزہ رکھنے سے پہلے اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کرنا بہت ضروری ہے

گھر میں Glucometer کی مدد سے شوگر ٹیسٹ کریں۔

اپنے وزن کی روزانہ جانچ کریں۔

جو غذائیں خاص ماہ رمضان کیلئے تجویز کی گئی ہیں انہیں غذاؤں کا استعمال کریں۔

ذہنی تناؤ سے پرہیز کریں اور سکون سے نیند لیں۔

روزانہ ہلکی پھلکی ورزش کو اپنا معمول بنالیں۔ (سحری کھانے سے قبل یا پھر رات کے کھانے کے دو گھنٹے یعنی تراویح کے بعد)

روزانہ اپنی نبض اور جسم کی حرارت چیک کریں۔

جلد اور خاص کر پاؤں کے انفیکشن کا خیال رکھیں۔

رمضان میں چینی کے شربتوں اور سافٹ ڈرنک سے گریز کریں

ایسے مریضوں کو غذائی احتیاط کے ساتھ ساتھ ذیابیطس مائل گولیوں کی بھی ضرورت پڑتی ہے جو کہ اپنے ڈاکٹر کے مشورے سے استعمال کرنی چاہیے۔

دوران روزہ اگر بلڈ شوگر گر جائے تو فوراً ذیابیطس کے ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔

اگر بلڈ شوگر خطرناک حد تک گر جائے اور ڈاکٹر سے رابطہ نہ ہو تو روزہ توڑ دیں اور بعد میں روزہ رکھیں۔

## مندرجہ ذیل مریضوں کو روزہ رکھنے کی اجازت ہے

20 سال سے زیادہ عمر کے مرد

20 سال سے زیادہ عمر کی خواتین (بشرطیکہ وہ حاملہ یا شیر خوار بچوں کو دودھ نہ پلاتی ہوں)

جن مریضوں کا وزن مثالی وزن کے برابر یا زیادہ ہو۔

وہ مریض جنکو کسی بھی قسم کا انفیکشن نہ ہو۔

ایسے مریض جن کو دل کی بیماری، ہائی بلڈ پریشر، گردے میں پتھری یا سانس کی بیماری نہ ہو

## روزے دار اپنے ڈاکٹر صاحب کے مشورے سے سحر اور افطار پر دوا کھانا نہ بھولیں

الف: اگر شوگر کنٹرول کرنے کیلئے ایک گولی صبح استعمال کرتے ہیں تو اسے افطار میں لے لیں

ب: اگر آپ شوگر کنٹرول کیلئے صبح و شام گولی لیتے ہیں تو رمضان میں صبح کی پوری خوراک افطاری میں لے لیں اور سحری میں آدھی خوراک لے لیں۔

ج: اگر آپ تین وقت گولیاں لیتے ہیں تو پھر اپنے ڈاکٹر صاحب سے مشورہ کریں۔

د: اگر آپ کی ذیابیطس غذا اور ورزش پر کنٹرول ہے تو آپ باآسانی انکے اوقات میں تبدیلی کر کے روزہ رکھ سکتے ہیں۔

## رمضان میں بلڈ شوگر کے اہداف

دوران رمضان مختلف اوقات میں آپکی بلڈ شوگر لیول حسب ذیل ہونی چاہیے

| | |
|---|---|
| سحری سے پہلے | 80-120mg/dl |
| سحری کھانے کے بعد | 140-200mg/dl |
| ظہر کے وقت | 120-140mg/dl |
| افطار سے قبل | 100-140mg/dl |
| افطار کے بعد | 140-160mg/dl |

## ماہ رمضان میں ذیابیطس کے مریض کی خوراک

سحری کے اوقات میں

☆ ایک پراٹھا ایک چائے کا چمچہ تیل میں تلا ہوا۔

☆ دو انڈے کی سفیدی کا آملیٹ ایک چمچہ تیل میں تلا ہوا یا آلو کی بھجیا

☆ ایک کپ دہی یا لسی یا ایک کپ دودھ بغیر چکنائی والا۔

☆ ایک کپ چائے۔

افطاری کے اوقات میں

☆ ایک کپ پھلوں کی چاٹ بغیر شکر کے یا ایک کھجور

☆ ایک تہائی چنا چاٹ

☆ ایک کپ لیموں پانی (اسپارٹم یا سکرین کے ساتھ)

☆ دو پکوڑے

رات کے کھانے کے اوقات میں

☆ ایک چپاتی

☆ آدھا کپ سبزی کا سالن ایک چمچہ تیل میں پکا ہوا

☆ یا 2 بوٹی گوشت یا 3/4 کپ دال

☆ اگر چاول نہ لیں تو چپاتی 1/2 لے سکتے ہیں

نوٹ: افطار میں تلی ہوئی اشیاء کے زیادہ استعمال سے گریز کیجئے

# اعجاز الجفر

تحریر
شاہد الیاس سلیمی
ٹوبہ ٹیک سنگھ

وہ سب حضرات جو نحوستِ زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے اس کے بڑے اثرات سے محفوظ رہیں گے۔ یہ لوح تحفظ بر خلق اور استحکام مرتبہ کیلئے تاکہ تنزلی نہ ہو میں موثر ہوگی علاوہ ازیں حصولِ جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور یہ خواہش رکھتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام و بقاء ہے یا وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں اور فیکٹریاں ہیں یا جن کے ماتحت بہت سے ملازم کام کرتے ہوں اور چاہیں کہ قیام مرتبہ ارغلبہ بر مخلوق رہے ان کیلئے یہ ایک انتہائی قیمتی وقت ہوگا۔ یاد رہے خوش قسمتی اور بد قسمتی دونوں انسان کے ساتھ ہیں خوش قسمتی کو سبب سے حاصل کیا جا سکتا ہے اور بد قسمتی کو سبب سے دور کیا جا سکتا ہے یہ موجودہ مخدوش دور حیات میں ہر شخص کی ضرورت ہے اس موقع سے ضرور فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں۔

آمدم برسرِ مطلب جیسا کہ ہم نے عنوانِ مضمون ہی اعجاز الجفر رکھا ہے کا ایک نادر روزگار عملِ حب باتفصیل بیان کئے دیتے ہیں تاکہ ضرورت مند اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ جفر کے اس قاعدہ میں حصہ اول میں نام طالب مع والدہ حصہ دوم نام مطلوب مع والدہ لینا ہوگا یہ نقش ذوا کتابت تیار کریں گے نقش کو قواعدہ مطابق لکھیں گے۔ یعنی نقش کی لکیریں تولہ الحق ولہ الملک سے بنانا ہونگی چاروں موکل اور خادم لکھیں گے چاندی پر کندہ کردہ نقش کو گرم پانی میں گرم رکھیں گے دوسرا کاغذ پر تیار کردہ نقش اسی طرح تہہ کر کے ایک نقش دوسرے پر آئے پھر اسے تہہ کر کے سینے پر لٹکائیں اگر مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا دستیاب ہو سکے تو اس کے تو اسمیں لپیٹ لیں یہ عمل قران، تثلیث مشتری و زہرہ یا قمر و زہرہ میں تیار کریں فوری تاثیر ہوگی مثلاً طالب کا نام احمد بن فاطمہ ہے اور مطلوب نادرہ بنت حسن ہے تو سارا عمل ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| احمد بن فاطمہ | والقیت علیک | محبۃ منی |
| ۲۴۰ | ۵۴۷، ۱۳۰ | ۵۵۰ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| نادرہ بنت حسنہ | والتصنع | علیٰ | عینی |
| ۹۳۵ | ۶۴۶ | ۱۱۰ | ۱۴۰ |

اب دونقوش مربع آتشی سے پر ہونگے جن کے بطن میں نام و آیت آئیگی۔ نقش کے خانہ نمبر ۴_۳_۲_۱ کو **والقیت** سے پُر کیا جائیگا والقیت کے عدد ۵۴۷ سے ایک عدد کم کر کے خانہ اول میں رکھیں گے اور ۵۴۶_۵۴۷

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۴۶ | ۵۳۸ | ۱۳۲ | ۲۳۱ |
| ۱۳۳ | احمد بن فاطمہ | والقیت | ۵۴۷ |
| ۲۳۹ | علیک | محبۃ منی | ۵۳۸ |
| ۵۴۹ | ۵۴۹ | ۲۳۸ | ۱۳۱ |

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۴۵ | ۱۳۸ | ۱۱۲ | ۹۳۶ |
| ۱۱۳ | نادرہ بنت حسنہ | والتصنع | ۱۳۷ |
| ۹۳۴ | علی | عینی | ۶۴۷ |
| ۱۳۹ | ۶۴۸ | ۹۳۳ | ۱۱۱ |

۵۴۸ اور ۵۴۹ لکھیں گے۔ ۵۴۷ ہیں ہندسہ کی بجائے والقیت آئیگا نقش کے خانہ ۷_۶_۵ کو احمد بن فاطمہ سے پر کریں گے۔ **احمد بن فاطمہ** کے عدد ۲۴۰ سے دو عدد کم کر کے خانہ نمبر ۵ میں رکھ کر پر کریں گے جو ۲۳۸_۲۳۹_۲۴۰_۲۴۱ ہوگا ۲۴۰ کی بجائے ہم نام لکھیں گے نقش کے خانہ ہائے ۱۲_۱۱_۱۰_۹ کو **علیک** کے عدد سے پر کریں گے یعنی ۱۳۰ کو خانہ نمبر ۹ میں رکھ کر پر کیا جائیگا اس طرح ۱۳۰ کی جگہ علیک لکھ کر ۱۳۱_۱۳۲_۱۳۳ لکھیں گے نقش کے خانہ ہائے ۱۶_۱۵_۴_۱۳ کو **محبۃ منی** کے اعداد سے پر کریں گے اس کے عدد ۵۵۰ ہیں ۳ عدد کم کر کے خانہ نمبر ۱۳ میں لکھیں گے اور ۵۴۷_۵۴۸_۵۴۹ اور ۵۵۰ عدد ان خانوں میں آئینگے صرف ۵۵۰ کی جگہ محبۃ منی آئیگا عین اسی طرح مطلوب کا نقش پر ہوگا نمبر ۱ پر والتصنع نمبر ۲ پر نام نمبر ۳ پر علی اور نمبر ۴ عینی ہوگا۔

ایک لوح نقرہ پر اس کے دونوں جانب کندہ ہوگا اور ایک کاغذ پر دونوں نقوش زعفران سے ہونگے نیچے عزیمت لکھیں چاندی کی لوح کے دونوں طرف عزیمت بھی لکھنا ہوگی جو یہ ہے۔

اَللّٰهُمَ یَامَن خلقت فی السماء الرابعة ملکا نصِفه مِن شلج ونصِفه مِن نار فلا النار تذیب التلج یوانی والنار وهوینِاری بلسان الا قتداربروح قدوس رب الملئکة والروح اللهم یا من الفت بین قلوب عَبادك ا نام طالب مع والده و نام مطلوب مع والده یَا اللّٰه انک وَعلٰے کُلِ شيءٍ قدیر۔

ہم نے سب امور کھول کر بیان کر دیئے ہیں پھر بھی کوئی مشکل ہو تو اپنے نزدیک کسی صاحب علم سے یا مجھ سے معلوم کر سکتے ہیں۔

چک نمبر 321/ج-ب سیووال ڈاکخانہ خاص
تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ 0301-2231721

# برکاتی معجزاتی پیالہ سورۃ مزمل

قارئین جعفریہ جنتری کو سال نو مبارک ہو۔ قارئین کرام! روحانیت ایک گہرے سمندر کی مانند ہے بیشمار لوگ روحانی علوم سے فیض حاصل کر رہے ہیں قرآن پاک روحانیت کا وہ روشن مینار ہے جس کی تجلی انوار و برکات سے ہر مسلمان فیض حاصل کر سکتا ہے قران پاک کا ایک ایک حرف سرچشمہ ہدایت وراہنمائی مدادا ہر دُکھ اور غم کا ہے۔ قرآن پاک میں ہر بیماری، مصیبت و پریشانی، مشکل، جادو، سحر سے نجات کا حل پوشیدہ ہے۔

قران پاک کی انتسویں پارہ کی سورۃ مزمل کے وہ روحانی فیض حاصل ہوئے ہیں جن کے اسرار و رموز عام انسان پر کھولنا مناسب نہیں سورۃ مزمل کی برکات وتجلیات سے عرصہ دراز سے روحانی فیض حاصل ہوتا رہا ہے اس سورۃ مبارکہ کی برکت سے **بے اولادی** کا خاتمہ، **اٹھرا** اور اس ہی جیسے دیگر امراض کا خاتمہ ہر طرح کے **جسمانی امراض، دشمنوں** کی جانب سے کروائے گئے **جادو سحر کالے و سفلی علم کا خاتمہ** اور کسی بھی طرح سے مسلط کئے گئے **جنات، بلیات** کا خاتمہ سورۃ مزمل سے خود مشاہدہ کیا ہے ایسے بیشمار مریض جو کہ **بیروزگاری، لڑائی جھگڑا، پریشانی مشکلات و مصائب** مختلف مسائل سے دوچار آئے اور باری تعالیٰ نے سورۃ مزمل کی برکت وفضیلت سے اُن کے ان مسائل کو حل فرما دیا سورۃ مزمل کا روحانی معجزہ **تسخیر دولت، تسخیر خلق، رجوع خلق، من پسند شادی، انعامی چانس کا حصول** کے بارے میں بھی دیکھنے میں آئے ہیں۔ بہت سے ایسے دُکھی انسان بھی آئے کہ جن کی تکلیفیں، پریشانیاں اور درد سننے کے بعد دل خون کے آنسو روتا ہے سورۃ مزمل کی برکت وفضیلت سے اللہ تعالیٰ نے اُجڑے ہوئے گھروں کو بنا دیا بے روزگار افراد کو رزق دیا **غیب سے مال و دولت** عطا کیا وہ لڑکیاں جو کہ عرصہ دراز سے اچھے رشتوں کے انتظار میں بیٹھی تھیں اللہ تعالیٰ نے کلام الٰہی کے صدقہ وطفیل ان کو مکمل کیا قارئین مکرم جانتے ہیں کہ عرصہ دراز سے صرف سورۃ مزمل کو ہی نقطہ نظر نقطہ حیات جان کر اسی کے ہی بیشمار چلے کئے جن میں چند کئی ماہ کے اور سال بھر کے بھی شامل ہیں۔

جنتری کیلئے خاص طور پر **سورہ مزمل خاص انداز سے مع موکلات و نقوش** کندہ کیا اور پھر خود (ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل) نے ان پیالوں پر سورۃ مزمل کا خاص چلہ 40 دن کیا ان میں خاص تاثیر پیدا ہوگئی اب ان پیالوں میں اگر بیمار کو پانی پلایا جائے تو باری تعالیٰ کی طرف سے اُسے **شفا کاملہ** حاصل ہوتی ہے چلہ کشی کے دوران اس پیالہ میں کھانا پینا شروع کیا جائے تو سورۃ مزمل کی روحانیت جلد اُس شخص سے مانوس ہو جاتی ہے بچے کو پیدائش کے وقت اس پیالہ میں پانی پلایا جائے تو **بچہ نیک سیرت** پیدا ہوتا ہے۔ حاملہ خواتین بچہ کی پیدائش سے قبل اس پیالہ میں پانی پئیں تو **زچگی میں آسانی** ہو جاتی ہے اولاد خوبصورت اور نیک سیرت پیدا ہوتی ہے۔ وہ افراد جو کہ **من پسند شادی** کے خواہشمند ہوں سورۃ مزمل کے اس تیار کردہ پیالہ میں خاص طریقہ سے دودھ یا پانی استعمال کریں تو اس کی برکت سے **جلد ھی رشتہ کا پیغام** آجاتا ہے سورۃ مزمل کے فیض و برکات اس قدر اس پیالہ میں جاری ہوتے ہیں کہ اگر بیروزگار افراد اس میں کھانے کا اہتمام کریں تو جلد ہی رزق میں اضافہ ہوتا ہے اور وہ غذا جو کہ اس پیالہ میں استعمال کی جائے تو **جسم سے بیماریاں ختم** کر دیتی ہے تندرستی آتی ہے سورۃ مزمل کے اس پیالہ میں کچھ رقم رکھی جائے تو اس سے **آمدنی میں برکت** ہوتی ہے کم آمدنی والے افراد کی آمدنی بھی اس قدر برکت ہو جاتی ہے کہ تمام ضروریات باری تعالیٰ کے حکم سے غیب سے پوری ہوتی ہیں۔ اگر **نا فرمان اولاد** کو اس پیالہ میں دودھ پلایا جائے تو اولاد تابعدار اور فرمانبردار ہو جاتی ہے۔

سورۃ مزمل کے تیار کردہ پیالے کی برکات اگر **نظر بد** بچہ کو لگ جائے اور اس میں بچہ کو پانی پلایا جائے تو بچہ جلد ہی نظر بد سے باہر نکل آتا ہے سورۃ مزمل کے اس پیالہ میں روزانہ پانی رکھ کر دوکان و مکان کے کونہ میں چھڑکا جائے کہ پانی چھڑکتے وقت اس کی بے حرمتی اور بے ادبی نہ ہو تو یقیناً **گھر اور دوکان آسیب، جادو، جنات** اور دیگر ہر طرح کی **بلیات، نظر بد اور دشمنوں کے حملہ** سے محفوظ رہتے ہیں۔ اس تیار کردہ پیالہ میں وہ خاصیتیں اور خوبیاں، برکات، تجلیات وانوارات شامل ہیں کہ جو بیان سے باہر ہیں۔ وہ افراد جو خاص طور سے سورۃ مزمل کا یہ پیالہ خود نہ تیار کر سکیں یہ پیالہ ادارہ روحانیات سے منی آرڈر کر کے منگوا سکتے ہیں۔ **فی پیالہ ھدیہ صرف 500 روپے مع ڈاک خرچ**

# 2010ء میں نکاح کی سعد تاریخیں

شادی ایک ایسا بندھن ہے جس میں جیون ساتھی ایک دوسرے کا ساتھ دینے کیلئے منسلک کردیئے جاتے ہیں۔لیکن ذرا سی غفلت کی وجہ سے بعض لوگوں کیلئے یہ مبارک رشتہ وبال جان بن جاتا ہے۔اگر نکاح یا خوشی کی رسم کرتے وقت درست وقت کا تعین کر لیا جائے تو ایسا انسان زندگی بھر پریشانیوں سے محفوظ رہتا ہے۔کسی نئے کام کی ابتداء نکاح یا خوشی کی تقریبات کیلئے ان تاریخوں کو مدنظر رکھ کر رسم ادا کی جائے تو انشاءاللہ انجام بہت اچھا ہوگا۔اگر بروج کے مطابق نکاح کرنے والوں کے ستارے آپس میں نہ ملیں تو بھی شادی ایک اذیت بن جاتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ پاکستان میں طلاق کی شرح زیادہ ہے بعض اوقات لڑکی کے والدین اس قدر پریشان ہوتے ہیں کہ وہ سوچتے ہیں کہ کاش ہم اپنی بیٹی پیدا ہوتے ہی مار دیتے۔اُن کی یہ بے بسی دیکھ کر دُکھ ہوتا ہے کہ اگر وہ شادی سے پہلے تھوڑی سی تکلیف کرتے اور لڑکی لڑکے کے ستارے آپس میں ملوا لیتے تو آج یہ الفاظ اُن کے دل و دماغ میں نہ آتے۔

## بحساب نجم نکاح کی تاریخیں نکالنا

1:۔لڑکا یا لڑکی کے نام کے حروف اول سے ہر دو کے برج نکالیں اگر پیدائشی بروج معلوم ہیں تو بھی درست ہے۔پھر یہ معلوم کریں کہ شمس اس ماہ کس برج میں ہے جس ماہ شادی یا نکاح کرنا مطلوب ہو اگر اس برج سے شمس تیسرے' چھٹے' دسویں اور گیارہویں گھر کے اندر حرکت کر رہا ہے تو شادی اس ماہ نیک ہو گی۔مثلاً حروف ''ا' ع' ل' ی'' سے تعلق رکھنے والے افراد کا برج حمل ہے ایسے افراد جب نکاح یا شادی کرنا چاہیں تو انہیں چاہیے کہ درج بالا اس قاعدہ کے مطابق جب شمس برج جوزا' سنبلہ' جدی اور دلو میں ہو تو یہ نکاح بہتر ہوگا۔اس طرح ماہ مطلوب برائے نکاح یا نیک کام ہمیں مل گیا۔

02:۔ماہ مطلوب کے بعد مطلوبہ دن معلوم کرنا ہو تو دیکھا جائیگا کہ اس طالع سے قمر چوتھے' آٹھویں یا بارہویں برج میں ہو تو یہ ایام نحس ہونگے۔ان بروج کے علاوہ اگر قمر طالع سے دوسرے' پانچویں' نویں اور گیارہویں گھر میں ہو تو یہ ایام نکاح کیلئے سعد ہونگے۔مثلاً برج حمل والوں کیلئے جب قمر سرطان' عقرب' حوت میں ہو تو یہ ایام نحس شمار کیے جائینگے۔جبکہ اگر قمر طالع سے برج ثور' اسد' قوس اور برج دلو میں ہو اگر مستخرجہ تاریخ اس جنتری میں شائع کی گئی ہر تاریخ کے سامنے دن کے اثرات کے مطابق سعد اور نحس کا خانہ دیا گیا ہے۔کہ یہ دن شادی نکاح یا نیک کام کیلئے بہتر ہے کہ نہیں اس لئے اگر آپ کی مستخرجہ تاریخ خانہ میں شائع شدہ سعد تاریخ کے مطابق دن پڑے تو وہ دن بہت مناسب ہوگا۔

لڑکا اور لڑکی دونوں کا الگ الگ مہینہ اور دن نکالنا چاہیے بالفرض ایک کا سعد نکلا اور دوسرے کا نحس تو یہ بہتر نہ ہوگا اگر اس سال کسی طرح بھی موضوع وقت نہ ملے تو ذیل کا طریقہ اختیار کر لیں کہ طالع سے شمس دوسرے' پانچویں' نویں برج کے فاصلے پر ہو تو ٹھیک ہوگا یا پھر شمس کا ایک اور ساتواں گھر لے لیں یہ بھی موضوع ہوگا یاد رکھیں کہ جب شمس چوتھے آٹھویں اور بارہویں برج کے فاصلے پر ہو تو بہت نحس ہوتا ہے اگر اس سلسلہ میں کسی موزوں فیصلہ تک نہ پہنچ سکیں تو ادارہ سے رابطہ کریں ادارہ کے ایڈریس پر رجسٹرڈ جوابی لفافہ بھیج کر نکاح یا نیک کام کی ابتداء کی تاریخ مفت معلوم کی جا سکتی ہے۔

اس کے علاوہ جعفریہ جنتری میں آپ کے دوست' دشمن اور موزوں برج کا جدول دیا گیا ہے جس میں باآسانی لڑکی یا لڑکے کا دوست یا دشمن برج دیکھ سکتے ہیں۔اس طریقہ کار پر عمل کر کے کسی حد تک پریشانی اور مصیبت سے بچا جا سکتا ہے۔

یکم محرم الحرام تا 08 ربیع الاول خوشی کی کوئی تقریب نہ کی جائے۔خصوصاً نکاح شادی یا نئے کام کی ابتداء سے گریز کیا جائے۔درج ذیل تاریخیں علم نجم کے حساب سے نکالی گئی ہے۔

| | |
|---|---|
| جنوری | 2,3,11,12,16,17,18,19,23,24,30 |
| فروری | 7,8,12,13,14,15,19,20,26,27 |
| مارچ | 6,7,11,12,13,14,15,19,20,25,26 |
| اپریل | 3,4,8,9,10,11,12,15,16,22,23,30 |
| مئی | 1,5,6,7,8,9,12,13,14,19,20,27,28,29 |
| جون | 1,2,3,4,5,9,10,15,16,24,25,29,30 |
| جولائی | 1,2,3,6,7,13,14,21,22,26,27,28,29 |
| اگست | 2,3,9,10,17,18,19,22,23,24,25,26 |
| ستمبر | 5,6,14,15,18,19,20,21,22,26,27 |
| اکتوبر | 3,4,11,12,16,17,18,19,20,23,24,31 |
| نومبر | 7,8,9,12,13,14,15,16,19,20,26,27 |
| دسمبر | 5,6,9,10,11,12,13,17,18,24,25 |

## آپ کے دوست دشمن اور موزوں بروج

## نکاح، شادی یا کاروباری شراکت

| نام برج | حمل | ثور | جوزا | سرطان | اسد | سنبلہ | میزان | عقرب | قوس | جدی | دلو | حوت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاریخ پیدائش یا سرحرف نام | 21 مارچ تا 20 اپریل ا،ع،ل،ی | 21 اپریل تا 21 مئی ب،و | 22 مئی تا 21 جون ق،ک | 22 جون تا 23 جولائی ح،ھ،ہ | 24 جولائی تا 22 اگست م،ٹ | 23 اگست تا 23 ستمبر پ،غ | 24 ستمبر تا 23 اکتوبر ر،ت،ط | 24 اکتوبر تا 22 نومبر ن،ز،ض،ظ | 23 نومبر تا 21 دسمبر ف | 22 دسمبر تا 20 جنوری ج،خ | 21 جنوری تا 19 فروری س،ش،ث،ص | 20 فروری تا 20 مارچ ذ،چ |
| دوستی شادی کیلئے موافق برج | اسد قوس | سنبلہ جدی | میزان دلو | عقرب حوت | قوس حمل | جدی ثور | دلو جوزا | حوت سرطان | حمل اسد | ثور سنبلہ | جوزا میزان | سرطان عقرب |
| غیر موزوں ناکام شادی حالت کے برج | سرطان میزان جدی | اسد عقرب دلو | سنبلہ قوس حوت | میزان جدی حمل | عقرب دلو ثور | قوس حوت جوزا | جدی حمل سرطان | دلو ثور اسد | حوت جوزا سنبلہ | حمل سرطان میزان | ثور اسد عقرب | جوزا سنبلہ قوس |
| مساوی بروج نہ فائدہ نہ نقصان | ثور، جوزا سنبلہ، عقرب دلو، حوت | حمل، ثور سرطان، میزان قوس، حوت | حمل، ثور سرطان، اسد عقرب، جدی | جوزا، سرطان سنبلہ، میزان جدی، حوت | حمل، سرطان اسد، میزان عقرب، دلو | ثور، اسد سنبلہ، عقرب قوس، دلو | ثور، اسد سنبلہ، عقرب قوس، حوت | حمل، جوزا سنبلہ، میزان قوس، جدی | ثور، میزان عقرب، قوس جدی، دلو | جوزا، اسد عقرب، قوس دلو، حوت | حمل، سرطان سنبلہ، قوس جدی، حوت | حمل، ثور اسد، میزان جدی، دلو |

درج بالا جدول کے مطابق سب سے پہلے اپنا برج تاریخ پیدائش یا نام کے سرحرف سے معلوم کریں اس برج کے نیچے خانہ میں آپ کے موافق برج کا خانہ ہے۔ ان بروج کے افراد سے نکاح، شادی، دوستی یا کاروباری شراکت کر سکتے ہیں اور اسی خانہ کے نیچے غیر موزوں برج کا خانہ ہے ان بروج کے حامل افراد سے ہمیشہ بچنا چاہیے کیونکہ یہ افراد کبھی بھی آپ کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ آسان اور فہیم الفاظوں میں یوں کہیں کہ آپ کا ستارہ ان بروج کے حامل افراد سے نہیں ملتا۔ سب سے آخری خانہ میں وہ بروج دیئے گئے ہیں۔ جو کہ آپ کیلئے نہ تو فائدہ مند ہیں نہ ہی نقصان دہ ہیں۔ قارئین نکاح، شادی، دوستی یا کاروباری شراکت سے قبل اس شخص کا برج لازمی دیکھ لیں اگر وہ شخص اس جدول کے لحاظ سے آپکے دوست برج میں ہے تو آپ کیلئے بہتری ہوگی۔ غیر موزوں ہے تو ایسا نکاح، شادی، دوستی یا کاروباری شراکت کا انجام اچھا نہیں ہوتا اور اگر مساوی ہے تو بغیر نفع نقصان کے یہ کام انجام ہوگا۔

## سورج کا دور اور قیام ہر برج میں

| | 21 مارچ سے 19 اپریل | 20 اپریل سے 20 مئی | 12 مئی سے 20 جون | 21 جون سے 20 جولائی | 21 جولائی سے 20 اگست | 21 اگست سے 20 ستمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مالک سیارہ یعنی گرہ | مریخ یعنی منگل | زہرہ (شکر) | عطارد (بدھ) | قمر (چندرماں) | شمس (سورج) | عطارد (بدھ) |
| نام برج یعنی راس | حمل (میکھ) | ثور (برکھ) | جوزا (متھن) | سرطان (کرک) | اسد (سنگھ) | سنبلہ (کنیا) |
| حاکم عدد | ۹ | ۶ | ۵ | ۲-۷ | ۱-۴ | ۵ |
| سورج کا دور اور قیام ہر برج میں | 21 ستمبر سے 20 ستمبر | 21 اکتوبر سے 20 نومبر | 21 نومبر سے 20 دسمبر | 21 دسمبر سے 13 جنوری | 21 جنوری سے 20 فروری | 21 فروری سے 20 مارچ |
| مالک سیارہ یعنی گرہ | زہرہ (شکر) | مریخ (منگل) | مشتری (برہسپت) | زحل (سنیچر) | زحل (سنیچر) | مشتری (برہسپت) |
| نام برج یعنی راس | میزان (تُلا) | عقرب (برچھک) | قوس (متھن) | جدی (مکر) | دلو (کنبھ) | حوت (مین) |
| حاکم عدد | ۶ | ۹ | ۳ | ۸ | ۸ | ۳ |

# قرآنی فالنامہ

جب کوئی شخص یہ چاہے کہ قرآن شریف سے فال نکالے تو چاہئے کہ اول وضو کرے تو ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر یہ آیۃ پڑھے **افوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد اللھمہ انت الحق بحق محمدن الحق**۔ تب قرآن شریف کو عاجزی سے کھولے اور سات ورق پلٹے اور آیت رحمت دو عدد وحید کے ذریعے اپنے مطالب کو تحویل کرے اور ساتویں ورق کے آخری صفحہ کی ساتویں سطر کا خیال کرے اگر اس کے اول میں **الف** ہے۔

**الف :۔ الاان اولیاء اللہ لاخوف علیم ولاھم یحزنون** ۔تو معلوم کرے کہ صاحب فال کو رنج وغم سے نجات ہوگی۔ جس کام کو کرے گا۔ اس میں خیر و برکت ہوگی۔

**ب :۔ بشیر ونذیرالی اللہ باذن سرٰمنیرۃ** خداوند تعالیٰ کی طرف سے اس کی بڑی نعمت ملنے والی ہے اور خوشحالی نصیب ہے جب اس کا مقصد پورا ہو جائے تو کچھ اللہ کے نام خیرات بھی کرنا چاہئے

**ت :۔ قالله لقدار سلنا الیٰ** مناسب ہے کہ صبر سے کام لے توبہ استغفار کرے برے کاموں سے بچا رہے اور اللہ کے نام پر خیرات کرے تاکہ مصیبت ٹل جائے۔

**ث :۔ ثند من خضر واستبرق** ظلم وغم سے نجات ہوگی اور دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔

**ج :۔ جھنم وبئس المصیر** جس کام کی نیت کرتا ہے اس کے پاس نہ جائے اور صبر کرے تاکہ سلامت رہے

**ح :۔ حمیم یبصرون همه۔ لوالحرمه** خوشخبری ہوگی اس کا کام آہستہ آہستہ ہوگا اور جلدی نہ کرے تاکہ مقصود حاصل ہو جائے غم سے نجات پائے۔

**خ :۔ خالدین فیھا ابدً رضی اللہ عنھہ ورضوعنہ** بھاری نعمت حاصل ہونے والی ہے اور خدا تعالیٰ اس کو سعادت مند اور اولاد دینے والا ہے اگر کچھ بیماری ہے تو انشاءاللہ جاتی رہے گی۔

**د :۔ وھم فیھا سبحانك اللھمه فیھا سلام** دل کی مراد اور نعمت حاصل ہوگی اس کو خدا کا شکر ادا کرنا چاہئے تاکہ وہ نعمت قائم رہے۔ اور مصیبت دور ہو جائے گی اور دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔

**ذ :۔ ذلك بان اللہ مولی الذین اٰمنوا** آگاہ رہنا چاہئے کہ غم و رنج اس کا قریب ہے اللہ کے نام کا صدقہ دے تاکہ مصیبت ٹل جائے اور سفر بھی نہ کرے کیونکہ خطرناک ہے۔

**ر :۔ ربنا انزل علینا مائدۃ من اشماء** ضرر اور برائی نہ پہنچے گی بلکہ نعمت اور راحت حاصل ہوگی رنجیدہ نہ ہوگا۔

**ز :۔ الذین کفروان لا تبتغوا** دولت اور عالی مراتب ہونگے۔ دولت کا رخ اس کی طرف نہ ہوگا۔

**س :۔ سلام علیکم طبتم فاد خلوھا خالدین** سعادت مند ہوگا بلیات سے سلامت رہیگا رنج وغم اور دشمن پر فتح پائے گا۔ مراد حاصل اور ہر کام حسب منشا ہوتا رہیگا اگر آگ یا پانی میں گر جائے تو سلامت رہے گا۔

**ش :۔ شھر رمضان الذی انزل فیه القرآن** سعادت مند ہوگا خوشخبری ہو کہ خدا اس کو جنت کی شراب طہور پلائے گا اور دنیا میں خوش و خرم رہے گا۔ اس کیلئے واجب ہے کہ خدا کی عبادت میں کوشش بلیغ کرے۔

**ص :۔ ص والقران ذی الذکریٰ** جو چیز خدا سے طلب کریگا وہ پائیگا۔ صحت و دولت اس کے ساتھ رہے گی۔

**ض :۔ ضرب اللہ شلاالذین اٰمنو** رنج وغم اور مصیبت سے پاک رہیگا۔ اس کو لازم ہے کہ خدا کا شکر ادا کرے اور اپنی تکلیف و مصیبت دوسرے کے آگے پیش نہ کرے کیونکہ اللہ ان کیلئے کافی ہے۔

**ط :۔ طٰہٰ ساانذلنا علیك القران تشقی** رنج وغم مسلط ہوگا۔ اور دشمن کے پہنچنے کا احتمال ہے۔ مگر آخر انجام میں صاحب فال پر رنج وغم مسلط ہوگا اور دشمن کے پہنچنے کا احتمال ہے۔ مگر آخر انجام میں صاحب فال کی حاجت روا ہوگی کامیاب ہوگا۔

**ظ :۔ ظلا لھا وظلمت نظر تھا تن لیلا** نیک فال صاحب راحت ہوگا دلی مراد حاصل ہوگی۔ رنج وغم سے نجات پائے گا۔

**غ :۔ غلبت الروم** اگر سفر کا ارادہ ہے تو کچھ عرصہ توقف کرے کہ خطرناک ہے اور جو مصیبت یا تکلیف پیش آتی ہو تو گھبرائے نہیں۔ بلکہ چند روز صبر کرے تاکہ خداوند کریم اس کو زائل کر دے اور کچھ صدقہ دے تاکہ مراد حاصل ہو۔ اور تمام مصیبتیں دور ہو جائیں۔

**ف :۔ فقد قاز فوز اً عظیما** رنج والم سے نجات ہوگی اس کے کام باصلاح ہوں گے۔ اور خود مقبول خلائق و بابرکت رہے گا۔

**ق :۔ قال ھذا رحمة من ربی** نعمت فراخ حاصل ہوگی۔ عزت و دولت کے ساتھ رہے گا۔ اور اپنی اولاد و عیال سے آرام پائیگا۔

**ک :۔ کراماً کا تبین تعلمون مالا تفعلون** اس کام سے چند روز رک جائے کہ ایسا کرنا باعث بہتری ہوگا۔ اگر سفر کا خیال ہے تو چند روز ملتوی کرے اور صدقہ دے کہ دشمن اس کے درپے نہ ہوتا کہ خدا تعالیٰ اس کو سلامت رکھے۔

**ل**:۔ **لمن الملك توتی الملك سلك اليوم الله الواحدالقهار** مطلب پورا ہوگا غم وغصہ جاتا رہے گا۔ کام درست ہونگے۔

**م**:۔ **من الملك توتی الملك من تشاء** اقبال مند باعزت ہوگا اور تکلیف کے بدلے راحت ہوگی اور آخر دشمن پر فتح ہوگی۔

**ن**:۔ **ن والقلم وسايسطرون** مراد حاصل ہوگی اور خوش ہو گا۔ اور تکلیف کے بدلے راحت ہوگی۔

**و**:۔ **هوالرحمن الرحيم** برکت ہوگی۔ اور خلق سے بے نیاز ہوجائے گا۔

**ه**:۔ **هوالذي ارسل رسوله بالهدی** حاجتیں پوری ہونگی اوران کے کام نکل آئیں گے۔ دشمن مغلوب ہوجائیں گے۔

**ل**:۔ **لاريب فيه و وفيت كل نفس** رنج وغم سے آزادی نصیب ہوگی۔ وہ کام بہت درست ہوں گے۔ مگر دشمن سے پرہیز کرے کہ خطرہ ہے۔

**ی**:۔ **يوم تبيض و جوه وتسودوجوه** حاجت پوری ہوگی اور خوش وخرم رہے گا۔

# استخارہ

**تحریر:۔ سید طارق زیدی (کراچی)**

قارئین جعفریہ جنتری کا شکریہ ادا کرتا ہون جنہوں نے گزشتہ سال کی جنتری سے استخارہ کے عمل کو پذیرائی بخشی۔ یہ سب مولا کریم کا احسان ہے۔ دل میں جب تک حُب آلؑ رسولؐ نہ ہوکسی بھی روحانی عمل میں کامیابی ممکن نہیں ہوتی۔ چند مجرب استخارے کے ساتھ خدمت حاضر ہوں۔

استخارہ (یعنی طلب خیر) کے بارے میں یہ جاننا ضرودی ہے کہ جوکام واجب یا حرام ہو۔ اس کے واسطے استخارہ نہیں ہوسکتا بلکہ جب کسی مباح کام کے کرنے یا نہ کرنے میں ترود۔ اوراس کا نتیجہ سمجھ میں نہ آئے۔ تب استخارہ کرنا چاہئے۔ اور جو کچھ حکم استخارہ کا نکلے اس پر مطمئن ہوجائے۔ اور یقین رکھے کہ اس میں میرے واسطے بھلائی ہے۔ اور جب کسی کام کیلئے مطلقاً استخارہ ہوجائے تو پھر دوسری مرتبہ، تیسری مرتبہ استخارہ بے موقع ہے۔ یہاں پر استخارہ کے چند طریقے بیان کئے جاتے ہیں۔

**پہلا طریقہ**:۔ قرآن مجید سے استخارہ ہے جس کو سید ابن طاؤس علیہ الرحمتہ نے اس طرح لکھا ہے کہ جس وقت کوئی شخص چاہے کہ کتاب خدا سے تفاول کرے تو تین مرتبہ سورۃ قل ھواللہ احد پڑھے۔ اور تین مرتبہ دورد پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔ **اَللّٰھُمَّ اِنِّی تَفَاءَلْتُ بِکِتَابِكَ وَتَوَکَّلْتُ عَلَیْكَ فَاَرِنِی مَاھُوَ الْمَکْتُوْمَ مَنْ سِرِّكَ غَیْبِكَ** بعد اس کے قرآن مجید کھولے۔ جو مضمون داہنی طرف کے صفحہ کی پہلی سطر میں نکلے اس پر عمل کرے۔ اگر آیت رحمت ہے امر خیر ہے تو وہ کام بہتر ہے۔ اور اگر آیت غضب ہے یا کوئی ممانعت ہے تو وہ کام کرنا اچھا نہیں ہے۔

**دوسرا طریقہ**:۔ یہ وہ استخارہ ہے جو ذات الرقاع کے نام سے مشہور ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ اسلام سے منقول ہے کہ جب کسی کام کا ارادہ ہو۔ اوراس میں ترود ہو تو چھ پرچے کاغذ کے لے اور تین میں لکھے۔ **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ خِیَرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ لِفُلَانِ بْنَ فُلَانَةَ اِفْعَلْهُ** اور تین رقعوں میں لکھے۔ **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ خِیَرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ لِفُلَانِ بْنَ فُلَانَةَ لَا تَفْعَلْهُ** اور فلاں ابن فلانی کی جگہ اپنا اور اپنی ماں کا نام لکھے پس ان سب پرچوں کو جاءنماز کے نیچے رکھ کر دو رکعت نماز پڑھے۔ جب نماز سے فارغ ہو تو سجدہ میں جائے اور سو مرتبہ **اَسْتَخِیْرُ اللّٰهَ بِرَحْمَتِه خِیَرَةً نِی جَمِیْعِ اُمُوْرِیْ نِی یُسْرِمِّنْكَ وَعَافِیَةٍ** اور رقعوں کو آپس میں ملادے۔ اور ایک ایک نکالتا جائے۔ پس اگر پے در پے تینوں پرچے **اِفْعَلْهُ** کے نکلیں تو اس کام کو کرے اور اگر پے در پے تینوں پرچے **لَا تَفْعَلْهُ** کا نکلے تو پانچ پرچوں تک نکالے۔ اگر **اِفْعَلْهُ** والے پرچے زیادہ ہوں تو کام کرے۔ اگر **لَا تَفْعَلْهُ** کے پرچے زیادہ ہوں تو کام نہ کرے۔

**تیسرا طریقہ**:۔ یہ وہ استخارہ ہے جس کے متعلق حضرات ائمہ علیہم السلام نے اپنے بعض اصحاب کو ہدایت فرمائی کہ اپنے کام میں خداوند عالم سے اس طرح مشورہ کہ، کہ دل میں اس کام کا قصد کر کے کاغذ کے ایک پرچہ پر لفظ **لَا** اور دوسرے پرچہ پر لفظ **نَعَم** لکھو۔ اور ہر ہر پرچہ کو مٹی کی ایک ایک گول میں رکھ دو۔ پھر دو رکعت نماز پڑھ کر دونوں گولیوں کو اپنے دامن کے نیچے رکھو اور کہو۔ **یَآ اَللّٰهُ اِنِّیْ اُشَاوِرُكَ فِیْ اَمْرِیْ ھٰذَا وَاَنْتَ خَیْرُ مُسْتَشَارٍ وَّ مُشِیْرٍ فَاَشِرْ عَلَیَّ بِمَافِیْهِ صَلَاحٌ وَّ حُسْنُ عَاقِبَةٍ۔**

پھر دامن کے نیچے ہاتھ ڈال کر ایک گول کو نکالو۔ اور کھول کر دیکھو۔ اگر اس پرچہ میں **نَعَم** ہو تو وہ کام کرو اور اگر **لا** ہو تو نہ کرو۔

**چوتھا طریقہ**:۔ حضرت صاحب الامر علیہ السلام سے منقول ہے کہ تین مرتبہ دورد پڑھ کر تسبیح کے دانوں پر ہاتھ ڈالے۔ پھر دو دو کر کے گنے۔ اگر ایک دانہ باقی رہے تو وہ کام خوب ہے ورنہ بد۔

# آپکا برج 2010 پتھر اور نگینے خاص تاریخیں

**حمل** **موافق نگینے** مرجان، یاقوت، اوپل، عقیق یمنی
**ہرگز استعمال نہ کریں** عقیق سیاہ، نیلم، حدید
**خاص تاریخیں** یکم 2 فروری، 23 اپریل تا 31 مئی
خصوصاً 5,12,19,26 مئی 16 ستمبر تا آخر سال خصوصاً 25 ستمبر
ورد خاص اسم الٰہی **المحیط** خاص تواریخ میں بعد نماز مغرب کندہ کروائیں۔

**ثور** **موافق نگینے** الماس، نیلم، فیروزہ
**ہرگز استعمال نہ کریں** مرجان، یاقوت، عقیق یمنی
**خاص تاریخیں** 3 جنوری تا 3 فروری خصوصاً 30,31 جنوری 7 جون
تا 31 جولائی خصوصاً 24 جولائی 27 اگست تا 7 نومبر خصوصاً 28 اگست
4,11,18 ستمبر 2,9,16,23,30 اکتوبر 04 نومبر 02 تا 25 دسمبر خصوصاً
4,11,18,25
اسم الٰہی **الوہاب، الودود** خاص تواریخ میں بعد نماز مغرب کندہ کروائیں۔

**جوزا** **موافق نگینے** زمرد، زبرجد، زرد عقیق
**ہرگز استعمال نہ کریں** نیلم، عقیق سیاہ
**خاص تاریخیں** 25 تا 09 اپریل یکم تا 13 مئی خصوصاً 6,13 مئی
3 تا 25 اگست خصوصاً 5,12,19 اگست 29 ستمبر تا 15 نومبر خصوصاً 30 ستمبر
7,14,21,28 اکتوبر 4,11 نومبر
ورد خاص اسم الٰہی **الرزاق** خاص تواریخ میں بعد نماز مغرب کندہ کروائیں۔

**سرطان** **موافق نگینے** در نجف، پکھراج، موتی، زمرد، عقیق دودھیا
**ہرگز استعمال نہ کریں** نیلم، عقیق سیاہ
**خاص تاریخیں** 22 تا 30 جون خصوصاً 27 جون 05 تا 20 جولائی
خصوصاً 6,13,20 جولائی 25 اکتوبر تا 21 نومبر خصوصاً 26 اکتوبر 2,9,16 نومبر
ورد خاص اسم الٰہی **الجبار** خاص تواریخ میں بعد نماز مغرب کندہ کروائیں۔

**اسد** **موافق نگینے** ہیرا، السینا
**ہرگز استعمال نہ کریں** عقیق سیاہ، نیلم، عقیق دودھیا
**خاص تاریخیں** 20 مارچ تا 19 اپریل خصوصاً 8,9 اپریل 21 جون
تا 22 اگست خصوصاً 21,28 جون 5,12,19,26 جولائی 2,9,16 اگست 16
نومبر تا 21 دسمبر خصوصاً 22,29 نومبر 6,13,20 دسمبر
اسم الٰہی **المغنی المنعم** خاص تواریخ میں بعد نماز ظہر کندہ کروائیں۔

**سنبلہ** **موافق نگینے** گومیدک، زرد عقیق، فیروزہ
**ہرگز استعمال نہ کریں** حجر القمر، زمرد، یاقوت
**خاص تاریخیں** 25 تا 09 اپریل یکم تا 13 مئی خصوصاً 6,13 مئی
3 تا 25 اگست خصوصاً 5,12,19 اگست 29 ستمبر تا 15 نومبر خصوصاً 30 ستمبر
7,14,21,28 اکتوبر 4,11 نومبر
ورد خاص اسم الٰہی **العزیز** خاص تواریخ میں بعد نماز مغرب کندہ کروائیں۔

**میزان** **موافق نگینے** ہیرا، اوپل
**ہرگز استعمال نہ کریں** پکھراج، عقیق، موتی
**خاص تاریخیں** 3 جنوری تا 3 فروری خصوصاً 30,31 جنوری 7 جون
تا 31 جولائی خصوصاً 24 جولائی 27 اگست تا 7 نومبر خصوصاً 28 اگست 4,11,18 ستمبر
2,9,16,23,30 اکتوبر 04 نومبر 02 تا 25 دسمبر خصوصاً 4,11,18,25
ورد خاص اسم الٰہی **العلیم** خاص تواریخ میں بعد نماز مغرب کندہ کروائیں۔

**عقرب** **موافق نگینے** پکھراج، عقیق موتی
**ہرگز استعمال نہ کریں** عقیق سیاہ، نیلم، حدید
**خاص تاریخیں** یکم 02 فروری، 23 اپریل تا 31 مئی
خصوصاً 05,12,19,26 مئی 16 ستمبر تا آخر سال خصوصاً 25 ستمبر
اسم الٰہی **یا نور یا نافع** خاص تواریخ میں بعد نماز مغرب کندہ کروائیں۔

**قوس** **موافق نگینے** شجری فیروزہ، حجر القمر
**ہرگز استعمال نہ کریں** زمرد، زبرجد، زرد عقیق
**خاص تاریخیں** 19 فروری تا 19 مارچ خصوصاً 19,26 فروری
5,12 مارچ 21 مئی تا 20 جون خصوصاً 21,28 مئی 4,11,18 جون 23 ستمبر
تا 22 اکتوبر خصوصاً 24 ستمبر 1,8,15 اکتوبر 16 نومبر تا 21 دسمبر خصوصاً
18,26 نومبر 3,10,17 دسمبر
ورد خاص اسم الٰہی **السلام** خاص تواریخ میں بعد نماز مغرب کندہ کروائیں۔

**جدی** **موافق نگینے** سفید عقیق، چشم سلیمانی، نیلم
**ہرگز استعمال نہ کریں** گومیدک، زرد عقیق، فیروزہ
**خاص تاریخیں** 17 مئی 24 اگست تا 22 ستمبر خصوصاً 30 اگست
22 تا 31 دسمبر خصوصاً 26 دسمبر
اسم الٰہی **الخالق** خاص تواریخ میں بعد نماز مغرب کندہ کروائیں۔

**دلو** **موافق نگینے** نیلم، حدید، عقیق سیاہ
**ہرگز استعمال نہ کریں** پکھراج، عقیق موتی
**خاص تاریخیں** 17 مئی 24 اگست تا 22 ستمبر خصوصاً 30 اگست
22 تا 31 دسمبر خصوصاً 26 دسمبر
ورد خاص اسم الٰہی **الباری** خاص تواریخ میں بعد نماز مغرب کندہ کروائیں۔

**حوت** **موافق نگینے** زمرد، یاقوت
**ہرگز استعمال نہ کریں** زبرجد، زرد عقیق
**خاص تاریخیں** 19 فروری تا 19 مارچ خصوصاً 19,26 فروری
5,12 مارچ 21 مئی تا 20 جون خصوصاً 21,28 مئی 4,11,18 جون 23 ستمبر
تا 22 اکتوبر خصوصاً 24 ستمبر 1,8,15 اکتوبر 16 نومبر تا 21 دسمبر خصوصاً 18,26 نومبر
ورد خاص اسم الٰہی **الغفار** خاص تواریخ میں بعد نماز مغرب کندہ کروائیں۔

# نظرات سیارگان — احکامات وظائف وعملیات

| نظرات سیارگان | تثلیث و تسدیس | تربیع و مقابلہ | نظر قران |
|---|---|---|---|
| قمر و شمس | عزت، مال ودولت | فتنہ وفساد امراء، حاکمین | حصول اولاد نرینہ |
| قمر و عطارد | تسخیر محبوب، تسخیر خلق | جدائی ونفاق | برائے ملاقات اہل فن وقلم |
| قمر و زہرہ | برائے شادی، عشق محبت | مخالفت جنس مخالف | حاضری مطلوب عشق ومحبت |
| قمر و مریخ | دفع بغض حاسدین | خاتمہ زہر دفع حشرات | غلبہ دشمن، ملاقات امراء حاکمین |
| قمر و مشتری | عزت وتوقیر، جاہ جلال | انکشاف اسرار مخفی | عزت، مال ودولت، ترقی |
| قمر و زحل | زرعی ترقی وشادابی | تباہ و بربادی دشمن، بیماری دشمن | تباہ بربادی دشمن، اذیت دشمن |
| قمر و یورانس | اچانک سفر، صحت یابی | اچانک امراض بندش سفر | بندش سفر، بندش حواس خمسہ |
| شمس و عطارد | فتح مقدمہ، عدالت | خواری دشمن، پریشانی حالات دشمن | فتح مقدمہ بحث قبضہ زمین جائیداد |
| شمس و زہرہ | امیر وکبیر خواتین کی تسخیر | حاکمین سے انتقام، تسخیر کی بندش | مسلط امراض جگر، قلب، جنسی امراض |
| شمس و مریخ | تسخیر اعلیٰ افسران، فوج وپولیس | دشمن پر مقدمہ کرنا، انتقام لینا | مسلط ڈر خوف بزدلی، خاتمہ بہادری |
| شمس و مشتری | ترقی، ملازمت، عزت ودولت | تباہ و بربادی خانہ دشمن، جائیداد | خرابی جائیداد |
| شمس و زحل | برائے حل المشکلات | مسلط پریشانی عذاب | سرگردان دشمن، مخالفین |
| شمس و یورانس | مال وزر کا حصول | ترقی ملازمت، عزت حاصل کرنا | مقدمہ میں کامیابی |
| عطارد و زہرہ | تسخیر محبوب ومعشوق | بندش کاروبار، جدائی نفاق | نجات کند ذہنی نجات مرض مرگی |
| عطارد و مریخ | قائم دائمی محبت والفت | اہل قلم پر بیماری مسلط، بندش کاروبار | بربادی خانہ دشمن |
| عطارد و مشتری | حصول قبضہ جائیداد وزمین | تباہ و بربادی عمارت دشمن | ترقی علم وعقل محبت، تسخیر روحانی شخصیات |
| عطارد و زحل | بزرگوں، عزیز واقارب کو راضی کرنا | خاندان میں نفاق ڈالنے کیلئے | ہلاکت دشمن، بربادی دشمن |
| عطارد و یورانس | کامیابی امتحانی، ترقی علم | کمیشن کے امتحان میں کامیابی | اعلیٰ دماغی صلاحیتیں حاصل کرنا |
| زہرہ و مریخ | دفع فتنہ وفساد گھریلو لڑائی جھگڑا | نفاق جدائی، بغض عداوت | غلبہ مدوزن، غلبہ مخالفین |
| زہرہ و مشتری | حصول ومال ودولت | تباہ وملک املاک دشمن | انعامی اسکیم میں کامیابی مفت کی دولت |
| زہرہ و زحل | امیر کبیر عورتوں کی تسخیر | فتنہ وفساد جنس مخالف | مبتلا خواتین مرض لیکوریا، جنسی امراض |
| زہرہ و یورانس | تسخیر خلق عوام الناس | تسخیر محبوب، حاصل مراد | دفع پریشانی مشکلات |
| مریخ و مشتری | ترقی ملازمت، حصول عہدہ، مال وزر | شدید عذاب پیدا کرنا | تنزلی عہدہ افسران بالا |
| مریخ و زحل | برائے ترقی شادابی کامرانی | بندش زبان، ہلاکت دشمن | خرابی دشمن، زمین بنجر کرنا، فصل تباہ کرنا |
| مریخ و یورانس | غلبہ دشمن حاسدین | خوف دہشت غلبہ مخالفین | خون معدہ کے امراض دور کرنا |
| مشتری و زحل | حصول مال ودولت، فتح مقدمہ | تنزلی مراتب، خارج عہدہ | نفاق دشمنی، مسلط کند ذہنی، پاگل پن مرگی |
| مشتری و یورانس | انعامی اسکیم میں کامیابی | مفت کا مال حاصل کرنا | آمدنی بڑھانا |
| زحل و یورانس | بزرگی، روحانیت حاصل کرنا | اعلیٰ مرتبہ روحانیت | امراض سے شفایابی |

**قارئین کرام! درج بالا تمام نظرات سیارگان سے مکمل طور پر استفادہ حاصل کرنے کیلئے روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کا ہر ماہ باقاعدہ مطالعہ کریں جس میں خصوصی کالم ستاروں کی چال وظیفہ کا کمال میں ان نظرات سے متعلق مجرب آسان اعمال / درست ساعت / رجال الغیب کے ہمراہ شائع کئے جاتے ہیں۔**

## گرین واچ (انگلینڈ) سے دیگر ممالک کا فرق وقت

دنیا کے ہر ملک کا اسٹینڈرڈ ٹائم الگ ہوتا ہے ایک ہی وقت میں مختلف ممالک کے سٹینڈرڈ ٹائم کئی گھنٹوں کا فرق رہتا ہے مثال کے طور پر جب انگلینڈ میں رات کے بارہ بجتے ہیں تو پاکستان میں صبح کے پانچ بجے کا وقت ہوتا ہے۔

| نام ممالک | دارالحکومت | سٹینڈرڈ ٹائم |
|---|---|---|
| پاکستان | اسلام آباد | دوپہر 11 بجکر 30 منٹ |
| بھارت | نئی دہلی | دوپہر 12 بجے |
| امریکہ | واشنگٹن | صبح 1 بجکر 30 منٹ |
| افغانستان | کابل | صبح 11 بجے |
| آسٹریلیا | کینبرا | شام 4 بجکر 30 منٹ |
| انڈونیشیا | جکارتہ | دوپہر 1 بجکر 30 منٹ |
| انگلینڈ | لندن | صبح 6 بجکر 30 منٹ |
| اٹلی | روم | صبح 7 بجکر 30 منٹ |
| ایران | تہران | صبح 10 بجے |
| ناروے | اوسلو | صبح 7 بجکر 30 منٹ |
| کویت | کویت | صبح 9 بجکر 30 منٹ |
| بنگلہ دیش | ڈھاکہ | دوپہر 12 بجکر 30 منٹ |
| کوریا | سیول | دوپہر 3 بجکر 30 منٹ |
| قطر | عرب | صبح 9 بجکر 30 منٹ |
| برما | رنگون | دوپہر 1 بجے |
| فرانس | پیرس | صبح 7 بجکر 30 منٹ |
| سوئٹزرلینڈ | جنیوا | صبح 7 بجکر 30 منٹ |
| جاپان | ٹوکیو | دوپہر 3 بجکر 30 منٹ |
| چین | پکینگ | دوپہر 2 بجکر 30 منٹ |
| روس | ماسکو | صبح 9 بجکر 30 منٹ |
| سعودی عرب | مکہ | صبح 9 بجکر 30 منٹ |
| تھائی لینڈ | بینکاک | دوپہر 1 بجکر 30 منٹ |
| سنگاپور | سنگاپور | دوپہر 2 بجے |
| ملیشیا | کوالمپور | دوپہر 2 بجے |
| جرمنی | برلن | صبح 7 بجکر 30 منٹ |
| فلپائن | منیلا | دوپہر 2 بجکر 30 منٹ |

## حروف ابجد شمسی و قمری

### حروف ابجد شمسی وقمری سے اعداد نکالنا

درجہ ذیل ابجد شمسی وقمری سے کسی بھی شخص کے نام کے اعداد آپ باآسانی معلوم کرسکتے ہیں اس طرح نام کے اعداد معلوم کرنے کے بعد آپ اس کے نام کے ہم عدد اسم اعظم بھی معلوم کرسکتے ہیں حروف ابجد قمری میں حروف اور ان کی طاقت اس طرح ہے اب نام کے اعداد ابجدی اس طرح معلوم کریں گے مثلاً علی نام کے اعداد کے لئے نقشے میں پہلے ہم ''ع'' کے نیچے عدد دیکھیں گے تو 70 عدد ہونگے ''ل'' کے عدد 30 اور ''ی'' کے عدد 10 ہیں اس طرح علی کے عدد نکالنے کیلئے ان سب کو جمع کیا جائے گا یعنی 110=70+3+10 ہوئے لہذا علی کے اعداد 110 ہوئے اس طرح آپ کسی بھی نام کے اعداد نکال سکتے ہیں نکلے ہوئے عدد کے مطابق ہم نے اسم اعظم تلاش کیا تو 110 عدد کے مطابق اسم اعظم یاعلی حاصل ہوا پھر اسم اعظم مخصوص وقت میں مخصوص تعداد کے ساتھ پڑھنے کے بعد اپنے بے شمار مسائل کے حل کیلئے اللہ تعالیٰ سے دعا کرسکتے ہیں۔

### ابجد شمسی کا ٹیبل

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ا 1 | ب 2 | ت 3 | ث 4 | ج 5 | ح 6 | خ 7 |
| د 8 | ذ 9 | ر 10 | ز 20 | س 30 | ش 40 | ص 50 |
| ض 60 | ط 70 | ظ 80 | ع 90 | غ 100 | ف 200 | ق 300 |
| ک 400 | ل 500 | م 600 | ن 700 | و 800 | ہ 900 | ی 1000 |

### حروف ابجد قمری

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اء 1 | ب 2 | ت 3 | ث 4 | ج 5 | ح 6 | خ 7 |
| د 8 | ذ 9 | ر 10 | ز 20 | س 30 | ش 40 | ص 50 |
| ض 60 | ط 70 | ظ 80 | ع 90 | غ 100 | ف 200 | ق 300 |
| ک 400 | ل 500 | م 600 | ن 700 | و 800 | ہ 900 | ی 1000 |

## عمل یا وظیفہ سے قبل حصار

کوئی بھی عمل یا وظیفہ کریں اس سے پہلے حصار کرنا ضروری ہے کیونکہ حصار ایک ایسی حفاظت دیتا ہے کہ دوران عمل یا وظیفہ جنات یا دوسری مخفی طاقتیں صاحب وظیفہ کو نقصان نہ پہنچائیں۔ حصار جتنا بہتر اور اچھا ہوگا وظیفہ میں اتنی ہی قوت پیدا ہوتی ہے کسی عمل یا وظیفہ کی رجعت میں محفوظ رہنے کیلئے بھی حصار کیا جاتا ہے حصار کرنے سے قبل نیت کریں کہ میں اپنے آپ کو اور اہل خانہ کو اللہ کی حفاظت میں دیتا ہوں بوسیلہ واسطہ محمد و آل محمد۔ **حصار نمبر 1**:۔ اول آخر درود پاک پڑھنے کے بعد 7 بار تعوذ پڑھیں۔ 21,21 بار یا حافظ یا حفیظ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور پورے جسم پر پھیر لیں جب عمل یا وظیفہ ختم کر چکیں تو دوبارہ اس کو دہرائیں اور اپنی نشست سے اٹھ جائیں۔ **حصار نمبر 2**:۔ اول آخر درود پاک پڑھنے کے بعد چاروں قل اور آیت الکرسی ایک بار پڑھیں۔ آخر میں یا قوی یا قابض پڑھ کر چاروں سمتوں میں دم کریں۔ شہادت کی انگلی پر پھونک کر اپنے گرد دائرہ لگائیں آسمان اور زمین پر پھونک ماردیں۔ **حصار نمبر 3**:۔ اول آخر درود شریف پڑھ کر جس کلام کا وظیفہ کر رہے ہوں وہ کلام 7 بار پڑھیں اور 7 بار سورۃ یٰسین کی آیت نمبر 6 تا 7 پڑھیں۔ (نوٹ) قارئین کوئی بھی عمل شروع کرنے سے پہلے ان حصار کو لازمی ذہن میں رکھیں اور ان میں سے کوئی بھی حصار لگا کر عمل شروع کریں تاکہ عمل کی رجعت اور ناکامی سے بچا جا سکے۔

## سمت رجال الغیب

رجال الغیب سے مرادان خدا ہیں جنہوں نے اپنی زندگی عبادت و ریاضت میں گزاری۔ اللہ تعالیٰ ان کے اٹھے ہوئے ہاتھوں کو بھی خالی نہیں لوٹاتا اور دوران عمل ان مردان خدا سے امداد لی جائے تو عمل میں کامیابی یقینی ہوتی ہے۔ چاند کی تاریخوں کے مطابق یہ اپنی سمت تبدیل کرتے ہیں ذیل میں دی گئی چاند کی تاریخوں کے مطابق اپنے چہرہ سمت کی جانب کریں گے تو مردان خدا آپ کی پشت پر ہونگے۔ اگر رجال الغیب سامنے ہونگے تو عمل الٹ ہو جائیگا۔

| سمت | قمری تواریخ |
|---|---|
| شمال مغرب | 1,9,16,24 |
| شمال مشرق | 2,10,17,25 |
| شمال | 3,11,18,26 |
| مشرق | 4,12,19,27 |
| جنوب مشرق | 5,13,20 |
| جنوب مغرب | 6,21,28 |
| مغرب | 7,14,22,29 |
| جنوب | 8,15,23,30 |

## خصوصی عزیمت سیارگان دفع پریشانی

مصائب و حادثات، بدنصیبی، خاتمہ جادو کے اثرات

یَااَللّٰہُ یَاھَادِیُ یَا طَاھِرُ یَامُغْنِیُ یَا نَافِعُ یَاصُبُورُ یَاکَافِی یَاسَمِیْعُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْم یَالَطِیْفُ یَاعَظِیْمُ یَارَئُوفُ بَحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بَحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بَحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُوَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفَظْنِیْ مِنَ التَّحُوسَتِ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالْمُشْتَرِی وَالزُّحَل وَالزُّھْرَہ وَالْعَطَارَد وَالْمَرِیْخُ وَالرَّاس وَالذَّنبُ بَحَقِّ یَااَللّٰہُ یَااَحَدُ یَاصَمَدُ یَالَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُولَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَد

## اول و آخر سات بار درود شریف

"صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَسَلَّم"

گیارہ بار درج بالا عزیمت کو پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور پورے جسم پر پھیر لیں اگر یہی معمول ہمیشہ رکھیں گے تو انشاء اللہ ہمیشہ پریشانی مصائب اور جادو کے اثرات، دوسری نحوستوں، دشمنوں کے حملوں سے بچے رہیں گے۔ والدین بچوں کے لیے یہ عزیمت خود پڑھ سکتے ہیں۔

## دعائے رجال الغیب

کسی بھی عمل کی ابتداء سے قبل دو رکعت نماز نفل برائے استطاعت و امداد رجال الغیب ادا کریں اور دعائے رجال الغیب سمت کے مطابق 11 بار پڑھیں دعائے رجال الغیب یہ ہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُم یَااَرْوَاحِ الْمُقَدَّسَتِہ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُم یَا رِجَالُ الْغَیْبِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُم یَانُجَبَاءُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُم یَا اَوْتَادو اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَفْرَادُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُم یَااُمْتَاءُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَاغُوْثَاہُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُم یَاقُطْبُ الْاَقْطَابُ اَغِیْثُوْنِی بِغَوْثَتِہ وَالْظُرُوْنِی بِنَظْرَۃ وَارْحَمُوْنِی بِرَحْمَتِ وَحَصِّلُوْنِی مُرَادِی وَمَقْصُوْدِی وَقُوْمُوْ اِلٰی حَوَآئِجِی فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

## شمس و قمر 2010ء

| نظر قران | | نظر مقابلہ | |
|---|---|---|---|
| تاریخ | وقت | تاریخ | وقت |
| 15 جنوری | 12:12 | 30 جنوری | 10:19 |
| 14 فروری | 07:52 | 28 فروری | 21:39 |
| 15 مارچ | 02:02 | 30 مارچ | 07:27 |
| 14 اپریل | 17:30 | 28 اپریل | 17:20 |
| 14 مئی | 06:05 | 27 مئی | 04:08 |
| 12 جون | 16:16 | 26 جون | 16:31 |
| 11 جولائی | 24:42 | 26 جولائی | 06:38 |
| 10 اگست | 08:09 | 24 اگست | 22:06 |
| 08 ستمبر | 15:31 | 23 ستمبر | 14:18 |
| 07 اکتوبر | 23:46 | 23 اکتوبر | 06:38 |
| 06 نومبر | 09:53 | 21 نومبر | 22:28 |
| 05 دسمبر | 22:37 | 21 دسمبر | 13:15 |

درج بالا جدول میں دیئے گئے وقت مکمل اور کامل قران نظر مقابلہ کا ہے اعمال اور وظائف کیلئے ان نظرات کو استعمال میں لانا ہو تو درج بالا اوقات سے 01 گھنٹہ قبل اور 01 گھنٹہ بعد تک اس نظر کا اثر رہتا ہے یعنی قمری نظرات کا وقت 02 گھنٹے ہے۔

**نظر قران**: شمس و قمر نظر قران سعد ہے اُن سے فائدہ حاصل کرنے کیلئے کئی اعمال ہیں ان نظرات میں کیے گئے کام مثبت نتائج دیتے ہیں۔ اسی دوران کسی بھی شے کی خرید و فروخت معاہدہ، تجارت، نفع بخش ثابت ہوتی ہے خصوصاً ان اوقات میں اولاد نرینہ کے حصول کیلئے اعمال اور وظائف مجرب نتائج دیتے ہیں نکاح، کاروباری بندش کا خاتمہ کے سلسلہ میں بھی کیے گئے اعمال اس وقت میں جلد اور اچھے نتائج دیتے ہیں۔

**نظر مقابلہ**: شمس و قمر نظر مقابلہ نحس نظر ہے۔ اس نحس نظر میں بیشتر عاملین عمل شر کرتے ہیں ان اوقات میں درج بالا دیئے گئے امور سے کسی کی بھی ابتداء نہ کریں ورنہ انجام بہتر نہ ہوگا سیارگان کی یہ نظر مخالفین پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے ان میں لڑائی جھگڑا پیدا کرنا اور دشمن کو ذلیل و خوار کرنے کیلئے عمل کیے جاتے ہیں۔

(**نوٹ**) قارئین جعفریہ جنتری دیئے گئے اوقات پرانے ٹائم کے مطابق ہیں حکومتی ٹائم کی تبدیلی کے مطابق ان میں اضافہ کیا جائے گا۔

## قمری داخلہ در قطبین 2010ء

| قطب شمالی | | قطب جنوبی | |
|---|---|---|---|
| تاریخ | وقت | تاریخ | وقت |
| 01 جنوری | 0 | 05 جنوری | 16:10 |
| 20 جنوری | 01:43 | 02 فروری | 01:40 |
| 16 فروری | 08:59 | 01 مارچ | 13:05 |
| 15 مارچ | 15:20 | 28 مارچ | 23:43 |
| 11 اپریل | 22:02 | 25 اپریل | 07:42 |
| 09 مئی | 05:09 | 22 مئی | 13:10 |
| 05 جون | 12:35 | 18 جون | 13:07 |
| 02 جولائی | 20:01 | 15 جولائی | 00:44 |
| 30 جولائی | 03:06 | 12 اگست | 09:54 |
| 26 اگست | 09:38 | 08 ستمبر | 20:45 |
| 22 ستمبر | 15:45 | 06 اکتوبر | 07:17 |
| 19 اکتوبر | 21:54 | 02 نومبر | 15:38 |
| 16 نومبر | 04:37 | 29 نومبر | 21:25 |
| 13 دسمبر | 12:14 | 27 دسمبر | 04:34 |

سیارہ قمر مختلف بروج میں مختلف اثرات ظاہر کرتا ہے شمالی بروج میں سیارہ قمر کو عروج حاصل ہوتا ہے وہ بروج جن میں سیارہ قمر سعد ہوتا ہے ان بروج میں ثور، جوزا، سرطان، اسد، سنبلہ اور میزان شامل ہیں۔ جب سیارہ قمر قطب شمال میں ہو تو اس وقت سعد کام کرنا فائدہ مند ہوتا ہے۔ قطب شمالی میں داخلے سے قطب جنوبی میں داخلے کا وقت سعد ہوتا ہے۔

**مثلاً** اس سال سیارہ قمر 2 تا 15 جنوری قطب شمالی میں رہے گا جبکہ 15 تا 30 جنوری درج بالا جدول کے مطابق قطب جنوبی میں ہوگا۔

**قطب شمالی**: جن میں سیارہ قمر کو عروج حاصل ہوتا ہے ان میں برج ثور کے 3 درجہ پر شرف برج سرطان کے 3 درجہ پر اوج برج سنبلہ میں عروج برج جوزا میں فرح ہوتا ہے۔ جو کہ سیارہ قمر کیلئے سعد بروج کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس دوران کسی بھی کام کا کرنا فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

**قطب جنوبی**: جن میں قمر کو زوال ہوتا ہے اُن میں حمل، عقرب، قوس، جدی، دلو اور حوت شامل ہیں ان میں عقرب کے 3 درجہ پر ہبوط جدی کے 3 درجہ پر حضیض حوت میں زوال اور قوس میں ترح (آفت) ہے۔